عملیات و تعویزات کی جامع کتاب
عملیاتِ عشق و محبت
مصنف
جناب نیاز مرشد صاحب لاہور
ناشر:
رشید بک ڈپو
قذافی مارکیٹ اردو بازار لاہور

جو خدا سے ڈرتا ہے اُس سے ہر چیز ڈرتی ہے

حاجت روا

عملیات تعویذات

یعنی

عملیات عشق و محبت، مُشکل کشا، گنجینہ عملیات

عشق کے ستائے ہوئے اور محبت کے مارے ہوئے نوجوان ان عملیات سے فائدہ اُٹھا کر اپنے محبوب و مطلوب کو اپنا گرویدہ و عاشق بنا سکتے ہیں اور دیدارِ محبوب و وصلِ معشوق سے لُطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

قیمت: سات روپے

پبلشرز

رشید بکڈپو قذافی مارکیٹ، اُردو بازار لاہور

پہلا حصّہ

اسلامی عملیات

ضروری اُصول و قواعد

جو کام بے اصولی اور بے قاعدگی سے کیا جائے ظاہر ہے کہ وہ نہیں ہو گا اور اگر ہو گا بھی تو بے ڈھنگا، ناممکن اور ناقابل اطمینان۔ یہ ایک ایسی سچائی ہے جس کا جلوہ ہر جگہ نظر آتا ہے اور جسے کوئی نہیں جھٹلا سکتا۔

عملیات وغیرہ کا بھی یہی حال ہے ہم نے اکثر آدمیوں کو شکایت کرتے سنا ہے کہ فلاں کتاب کا عمل کیا گیا مگر اس سے فائدہ نہیں ہوا۔ اس کی وجہ صرف یہی ہوتی ہے کہ وہ عمل اصول و قواعد کے مطابق نہیں کیا گیا۔ اس لیے بے اثر ثابت ہوا ورنہ ضرور کامیاب ہوتا۔ اسی واسطے ہم پہلے ضروری اصول و قواعد درج کرتے ہیں تاکہ عامل واقف ہو جائے اور اس کے مطابق عمل کرے۔

اسلامی اعمال و ظائف

عامل کو چاہیئے کہ وہ کوئی عمل یا وظیفہ ناجائز غرض سے نہ کرے۔ بلکہ جائز مدعا مدِ نظر ہونا چاہیئے۔ ورنہ ممکن ہے کہ فائدہ کی بجائے نقصان ہو، اور دست افسوس ملنے پڑیں۔ ضرورت ہے کہ یہ اصول ہر وقت مدِ نظر رہے۔

عامل کو چاہیئے کہ وہ جھوٹ نہ بولے، حلال روزی کما کر کھائے۔ ہر وقت پاک رہے اور پاک و صاف لباس پہنے اور پاک جگہ میں قیام کرے۔ نماز روزہ کا سخت پابند ہو۔ خاص و عام کا خیرہ خواہ ہو، بدنیت نہ ہو۔

عمل یا نقش کی زکواۃ دینی لازم ہے۔ ورنہ اثر نہ ہوگا۔ اور زکواۃ بھی پابندی کے ساتھ، بے ناغہ یعنی متواتر دینی چاہیئے۔ ورنہ رائیگاں جائے گی۔ پھر زکواۃ بھی کسی خیال و غرض کے بغیر دینی چاہیئے۔ یعنی اس وقت کوئی دُنیاوی غرض مدِ نظر نہ ہو۔ زکواۃ دیتے وقت کامل احتیاط مدِ نظر رہے۔ ورنہ دلی مقصد حاصل نہ ہوگا۔

عمل حسبِ ہدایت و ترتیب وار۔ باقاعدہ کیا جائے۔ صرف نقل کر دینا کافی نہیں ہے۔ نقشوں کے بھرنے میں کامل احتیاط سے کام لیا جائے اور تمام اصول مدِ نظر رہیں۔ مستقل مزاجی بھی لازمی ہے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے ستاروں اور ساعتوں کا علم حاصل کریں اور عمل محبت سعد ساعتوں میں کریں۔ اسی طرح اعمال بُغض وغیرہ نحس ساعتوں میں کرنے چاہئیں اور ان کے مؤثر و کامیاب ہونے کا گُر یہی ہے۔ اس کی مفصّل تفصیل یہاں آئے گی۔ علاوہ ازیں ستاروں کے مؤکل اور معمول کے طالع کی رعایت بھی ضروری ہے، بس اعمال شروع کرنے سے

پہلے ان باتوں کا علم حاصل کرنا چاہیئے۔ یہ امر اعمال میں مددگار و معاون ہیں۔ستاروں اور موٴکلوں کے بخورات (دھونی) کا علم حاصل کرنا اور ان پر کاربند ہونا بھی لازمی ہے۔ نیز چاند اور ستاروں کی منزلیں لیں۔ بُرج اور ان کی روشنی، دوستی کا لحاظ ضروری ہے۔ بُرجوں کی رعایت نہ کرنی بھی احتیاط کے خلاف ہے۔ عمل نوچندی جمعرات اور اتوار کو شروع کرنا چاہیئے جب ہلال (چاند) نظر آئے وہی نوچندی جمعرات ہے۔ یعنی نئے چاند کی پہلی جمعرات یا اتوار۔ پس عمل اسی روز شروع کرنا چاہیئے۔ایسی جمعرات پہلی تاریخ، دوسری تاریخ، تیسری تاریخ، چوتھی تاریخ، پانچویں تاریخ اور ساتویں تاریخ کو آسکتی ہے۔ مگر جن اعمال کے واسطے کوئی خاص دن یا تاریخ مقرر ہو۔ ان میں نوچندی جمعرات کو عموماً حب کے اعمال کیے جاتے ہیں۔

عمل شروع کرتے وقت معمول و مطلوب کا تصور دل و دماغ میں بیٹھانا ضروری ہے۔ خصوصاً حب کے اعمال میں بعض آدمیوں کو ابتداء میں دشواری پیش آتی ہے مگر آخر کار کامیابی ہوتی ہے۔ کیونکہ جن چیزوں کا تصور [illegible] ناممکن ہے جو ہم نے کبھی نہیں دیکھیں۔ مثلاً پری کبھی نہیں دیکھی مگر ہم [illegible] تصور اپنے ذہن میں اس طرح کر سکتے ہیں کہ ایک حسین عورت جس کے [illegible] کھلے ہوئے ہیں، ہوا یا فضا میں اُڑ رہی ہے اور وہ دم بدم بلند [illegible] ہے اسی طرح دیو کا تصور کر سکتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس مقررہ زکوٰۃ کے علاوہ عمل شروع کرنے سے پہلے جو خیرات دینا بھی اچھا ہے پھر عمل کرتے وقت کوئی چیز مٹھائی وغیرہ منہ میں ضرور رکھیں خصوصاً عمل حب

کرنے وقت یا حُب کا نقش کرتے وقت۔

عمل چھپا کر کیا جائے، حتیٰ کہ کسی کو اس کی اطلاع بھی نہ ہو جائے۔ ورنہ ممکن ہے کہ وہ اثر نہ کرے یا اس کے فریق مخالف کو خبر ہو جائے اور وہ اس کا توڑ شروع کر دے۔ ایسے حالات میں فائدے کی جگہ نقصان ہوتا ہے۔ مثلاً حُب (محبت) کی جگہ بُغض پیدا ہو جاتا ہے۔ انسان کے مزاج میں ضد طبعی ہے۔ اِسے جس کام سے روکا جائے، عموماً وہی کرتا ہے۔ اس واسطے عمل حُب چھپا کر کرنا لازمی ہے۔ عمل اپنے واقف آدمی پر کر دضرور کامیابی ہو گی اور اس کا تصور بھی ہو سکے گا جو نہایت ضروری ہے۔ اور جیسا کہ ہم نے پہلے لکھا ہے کہ ناواقف پر اثر ہو جاتا ہے۔ مگر کم یا دیر میں بلکہ ایسے حالات میں چند فیصدی ناکامی بھی ہوتی ہے۔ اس واسطے زیادہ مناسب یہ ہے کہ عمل شروع کرنے سے پہلے معمول کے ساتھ واقفیت اور تعلق پیدا کریں۔ پس پھر کامیابی یقینی ہے۔ جس مکان میں بیٹھ کر وظیفہ پڑھیں وہ علیحدہ ہونا چاہیئے بلکہ گوشۂ عافیت ہو، روشنی دھیمی ہو۔ یہاں بجلی کے تیز لیمپ کا کام نہیں بلکہ سرسوں کے تیل والا یا مٹی کا دیا ہونا چاہیئے۔ پھر اس مکان کے اندر کوئی ایسی چیز نہ ہو جو آپ کی توجہ اپنی طرف کھینچے اور وظیفہ کی طرف سے دھیان ہٹائے اور ہنسائے، ایسی چیز بھی نہ ہو جس سے آواز نکلے۔ مثلاً گھڑی وغیرہ۔ مکان صاف معتدل ہو اور کوئی خوشبو جلائیں۔ کوئی وظیفہ یا عمل ایسے دن نہ شروع کیا جائے، جب کہ گرد و غبار چھایا ہو یا آندھی آرہی ہو یا ابر چھایا ہو یا بارش ہو رہی ہو۔ خصوصاً حُب و محبت کے

وقت کا لحاظ ضرور کریں۔ بعض عمل عموماً گرد و غبار کی حالت میں لکھے جاتے ہیں۔

عمل کرنے یا وظیفہ پڑھنے کے زمانہ میں ترکِ حیوانات ضروری۔ نہ حیوانی غذائیں کھائیں نہ حیوانی حرکات کریں۔ گوشت، دودھ، گھی، دہی اور مکھن بالکل نہ کھائیں اور ان سے بنی ہوئی چیز بھی نہ کھائیں۔ تیل، ترشی سے بھی پرہیز کریں۔ خصوصاً عمل حب کرتے وقت منہ میں میٹھا اور عمل بغض میں ترش چیز منہ میں رکھتے ہیں۔

وظیفہ عموماً رات کے وقت ہی پڑھیں (گردن کی بلندی نہ ہو) اور ایسی حالت میں نہیں جب پیٹ بالکل خالی ہو۔ یعنی بھوک لگی ہوئی ہو۔ نہ اس وقت جب پیٹ خوب بھرا ہوا ہو۔ یعنی کھانا کھاتے ہی فوراً عمل نہیں پڑھنا چاہیئے بلکہ کم از کم دو گھنٹے بعد شروع کرنا چاہیئے۔ اکثر وظیفوں میں الفاظ فلاں بن فلاں، فلاں بنت فلاں تحریر ہوتا ہے اور اکثر تعویذوں اور نقشوں کا بھی یہی حال ہے۔ اور یہ الفاظ ان کے نیچے لکھے ہوتے ہیں۔ پس فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اور اس کے بعد باپ کا نام لکھا جانا چاہیئے۔ بنت کے معنی بیٹی کے ہیں۔ پس اس کے بعد ماں کا نام لکھیں۔ جب وظیفہ یا عمل پڑھ رہے ہوں اور عامل کو کوئی خوفناک شکل نظر آئے یا کسی اور طریق پر دل میں خوف پیدا ہو جائے تو ڈر کر وظیفہ نہیں چھوڑنا چاہیئے بلکہ استقلال کے ساتھ اپنا کام کرتے رہنا چاہیئے۔ روحانی اعمال میں استقلال کی اشد ضرورت ہے بلکہ دنیاوی کاموں میں اس بات کی اشد ضرورت ہے۔ بہرحال وظیفے

پڑھتے وقت کچھ نظر آئے تو ڈرنا ہرگز نہیں چاہیئے۔ ورنہ نفع کی بجائے نقصان ہوگا۔ بلکہ ایسے موقعہ پر جان بھی خطرے میں پڑ جاتی ہے اور لینے کے دینے پڑ جاتے ہیں۔ پس ایسے موقعہ پر دلیر رہیں اور اپنا دل مضبوط رکھیں۔ ابجد کے طریق سے مجبوب کے نام کے اعداد نکال کر نقش کے نیچے لکھنے چاہئیں۔ بعض دفعہ اسی تعداد کے مطابق پڑھے جاتے ہیں۔ مثلاً مطلوب کے نام کے اعداد ۵۱۲ ہوں تو ۵۱۲ ہی دفعہ وظیفہ پڑھا جاتا ہے۔ ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں اور اب پھر لکھتے ہیں کہ ان معاملات میں حُسنِ اعتقاد نہایت ضروری ہے۔ اعتقاد سے بہت کچھ حاصل کیا جاسکتا ہے اور بداعتقادی باعث محرومی ہے۔ ہم نے سینکڑوں بداعتقاد لوگوں کو ہاتھ ملتے اور سر دُھنتے دیکھا ہے۔

اس کے خلاف خوش عقیدہ انسان بہت کچھ حاصل کر لیتے ہیں۔ اور بدعقیدہ دیکھتے ہی دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ اس واسطے خوش اعتقاد اور پُر امید رہنا چاہیئے۔ اور وظیفے پر کامل اعتماد رکھنا چاہیئے۔ نیت کا تعلق ضرور ہے عام مشہور ہے جیسی نیت ویسی مُراد۔ ہر شخص کو نیت کا پھل ملتا ہے نیک نیت رکھیں اور سچے دل سے یقین کریں۔ نیک نیتی آپ کو منزل کی کامیابی تک پہنچا دے گی۔ عامل کو چاہیئے کہ وہ قبولیت کا یقین رکھے۔ مستقل مزاج رہے۔ تذبذب نہ ہو۔ ڈانواں ڈول نہ ہو جائے بلکہ نہایت ذوق و شوق سے اپنا کام کیے جائے۔ کہ شاہراہِ کامیابی صرف یہی ہے۔ یکسوئی نہایت ضروری ہے۔ مولانا روم کے مندرجہ ذیل شعر کے معنی یہی ہیں ؎

لب بہ بند و گوش بند و چشم بند گر نہ بینی روئے حق بر ما بخند

اگر رات کو وظیفہ پڑھتے وقت نیند آجایا کرے تو دن میں سو رہا کریں۔ اس وقت دل غم و فکر سے بالکل خالی ہونا چاہیئے۔ بلکہ اس میں صرف خوشی اور اُمید ہونی چاہیئے۔ مایوسی اور ناکامی کا خیال تک بھی نہ آنا چاہیئے۔ کپڑوں میں خوشبو لگائیں، اس سے بھی دل خوش رہتا ہے۔ جب کہ اعمال کرنے میں شمع کاری یا چنبیلی کا تیل چراغ میں جلانا مناسب ہے۔ زبان اور جگر کی آواز ملائیں۔

ان تمام ہدایات کا خیال رکھیں۔ نیز قواعد کی پابندی کریں، جو ہم آئندہ لکھیں گے کیونکہ کامیابی کی کنجیاں یہی ہیں۔ جو کام صحیح طریق سے کیا جائے گا، حسنِ اختتام پر وہی پہنچے گا۔ ہم سیدھے راستے ہی سے منزل تک پہنچ سکتے ہیں۔ غلط اور ٹیڑھا راستہ ہمیں غارِ مصیبت بلکہ چاہ ہلاکت میں ڈال دیتا ہے۔

یہی حال ورد و وظائف اور روحانی اعمال کا ہے۔ درست طریقہ گوہرِ مقصود سے جیب و دامن بھر دیتا ہے اور غلط طریقہ فائدے کی بجائے نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لیے اوّل سے آخر تک نہایت احتیاط کرنی چاہیئے تاکہ پشیمانی نہ ہو۔

(۲)

حروفِ ابجد کا استعمال

عربی میں حروفِ تہجی کو حروفِ ابجد بھی کہتے ہیں اور عملیات میں ان

سے بڑا کام لیا جاتا ہے۔ پھر ہر حروف کے اعداد یعنی ایک قیمت مقرر ہے اس لیے نقوش میں حروف کی بجائے اعداد مستعمل ہیں۔ اس واسطے حروف کے متعلق ہر متعلق ہر قسم کی معلومات درج ذیل ہیں۔ تاکہ عامل کو تمام باتوں کا علم حاصل ہو جائے۔

ابجد

عربی کے حروف کو حسب ذیل آٹھ کلمات یا الفاظ ہیں۔ محدود کر دیا گیا ہے۔
ابجد[۱] ۔ ہوز[۲] ۔ حطی ۔ کلمن[۴] ۔ سعفص[۵] ۔ قرشت[۶] ۔ ثخذ[۷] ۔ ضظغ[۸]
ا ب ج د ۔ ہ و ز ۔ ح ط ی ۔ ک ل م ن ۔ س ع ف ص ۔ ق ر ش ت ۔
ث خ ذ ۔ ض ظ غ ۔

اقسام اعداد حروف دو ہیں

(۱) قبض (۲) بسط ۔ اعداد قبض حسب ذیل ہیں۔

اعداد حروف

ابجد	ہوز	حطی	کلمن	سعفص
ا ب ج د	ہ و ز	ح ط ی	ک ل م ن	س ع ف ص
۱ ۲ ۳ ۴	۵ ۶ ۷	۸ ۹ ۱۰	۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰	۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰

قرشت	ثخذ	ضظغ
ق ر ش ت	ث خ ذ	ض ظ غ
۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰	۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰	۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

نام وغیرہ کے عدد اسی طریقہ سے نکالے جاتے ہیں۔ اور نام کے بجائے نقوش وغیرہ کے نیچے نام کے ہندسے لکھے جاتے ہیں۔

مثال

نام اعداد میں تبدیل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نام کے ایک حروف کے عدد لے کر جمع کریں۔ پس یہ مجموعہ گویا نام ہے۔ فرض کرو کہ ہمیں محمد علی کے نام کے اعداد نکالنے ہیں تو اس طرح نکالیں گے۔

محمد علی : م ح م م د ع ل ی

۴۰ + ۸ + ۴۰ + ۴۰ + ۴ + ۷۰ + ۳۰ + ۱۰ = ۲۴۲ مجموعہ

محمد علی = ۲۴۲

یاد رہے کہ جو حروف مشدد ہو۔ یعنی لکھنے میں ایک دفعہ لکھا جائے مگر بولنے میں دو دفعہ آئے۔ اس کے اعداد دو بار جمع کیے جائیں گے جیسے ہم نے اُوپر کی مثال میں محمد کے میم کے اعداد دو بارہ لیے ہیں۔ ہر مشدد حروف کے واسطے یہی قاعدہ ہے۔

دوسری مثال

فاطمہ کے عدد اس طرح نکالیں گے۔

فاطمہ = ف ا ط م ہ

۸۰ + ۱ + ۹ + ۴۰ + ۵ = فاطمہ ۱۳۵

اعداد بسط

ا = ۱۱۱ ہ = ۱۰ ح = ۱۸ ک = ۱۰۱

ب = ۱۲ د = ۴ ط = ۲۵ ل = ۷۱

ج = ۵۳ ز = ۱۷ ی = ۱۲۰ م = ۹۰

د = ۲۵ ن = ۱۰۶

س = ۱۲۰ ق = ۱۸۱ ث = ۵۱۰ ض = ۸۱۱

ع = ۱۳۰ لمہ = ۱۰ خ = ۶۱۰ ظ = ۹۱۶

ف = ۹۰ ش = ۲۶۰ ض = ۷۳۰ غ = ۱۰۶۰

ص = ۱۰۱ ت = ۴۱۰

یاد رہے کہ عملیات میں اعداد قبض زیادہ تر مستعمل ہیں۔

اقسام حروف

تاثیر کے لحاظ سے حروف کی چار اقسام ہیں۔ یعنی آبی۔ بادی۔ خاکی اور آتشی۔ جن کا تعلق بالترتیب پانی، ہوا، خاک اور آگ سے ہے۔

حروف آبی: ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ

〃 بادی: ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض

〃 خاکی: د۔ ح۔ ع۔ د۔ خ۔ غ

〃 آتشیں: ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ

یاد رہے کہ آتشی حروف کو نورانی حروف بھی کہتے ہیں۔ اسی طرح خاکی حروف کو ظلماتی حروف کہتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس بے نقط حروف کو صوامت اور نقطہ دار کو منقوط کہتے ہیں۔ اسی طرح اوپر نقطے والے حروف کو فوقی اور نیچے والے کو تحتی کہتے ہیں۔

تقسیم حروف بلحاظ سمت

سمت مشرق کے حروف:۔ آ۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ

〃 مغرب 〃 〃:۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ

〃 شمال 〃 〃:۔ د۔ ح۔ خ۔ ل۔ ر۔ ع۔ ض۔ غ

〃 جنوب 〃 〃:۔ ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض

حروف کے مؤکل

حروف آبی کے مؤکل حضرت میکائیل۔ حروف بادی کے مؤکل حضرت اسرافیل۔ حروف خاکی کے مؤکل حضرت جبرائیل۔ حروف آتشی کے مؤکل حضرت عزرائیل ہیں۔

حروف کے رنگ

حروف آبی کا رنگ نیلا ہے۔

حروف بادی کا رنگ سبز ہے۔

حروف خاکی کا رنگ پیلا ہے۔
حروف آتشی کا رنگ سفید و زرد ہے۔

اقسام حروف

نورانی :۔ ا۔ل۔ ر۔ک۔ ہ۔ ی۔ ع۔ ص۔ ط۔ س۔ ح۔ م۔ ق۔ ن
ظلماتی :۔ ب۔ ج۔ د۔ ڑ۔ ف۔ ث۔ ز۔ خ۔ ض۔ ظ۔ غ۔ ز۔ ش
حروف ناطقہ یا منقوطہ :۔ ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ خ۔ ذ۔ ز۔ ش۔ ض
ظ۔ غ۔ ف۔ ت۔ ن۔ ی۔
حروف صوائقہ :۔ ا۔ ح۔ د۔ س۔ ص۔ ط۔ ع۔ ک۔ ل۔ م۔ و۔ ہ۔
حروف بنیات :۔ ا۔ د۔ و۔ ل۔ م۔ ت۔ ن۔
حروف خوانیم :۔ ا۔ ج۔ ح۔ خ۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ ع۔ غ
حروف علت :۔ ا۔ ب۔ ت۔ ث۔ ط۔ ظ۔ ق۔ ل۔ ی۔

سعد و نحس حروف

حروف سعد :۔ د۔ ہ۔ ط۔ م۔ یہ آتشیں ہیں۔
حروف نحس :۔ ف۔ ش۔ ذ۔ بغض و خونریزی کی محرک

خواص حروف

بادی :۔ سرعوش کلام و نزلہ سنج بنائیں اور ذہن و حافظہ تیز کریں۔

آبی : دافع حرارت و آتش۔ غضب و غصہ
خاکی: معاملات زمین سے متعلق ہیں۔ دفینہ۔ زراعت اور قوت جسمانی کا بھی اسی سے تعلق ہے۔

تعلق حروف بہ سیّارگان

ا۔ب۔ج۔د کا تعلق زحل سے ہے۔ش۔ت۔ث۔خ کا تعلق عطارد سے ہے۔ا۔ہ۔و۔ز۔ح کا تعلق مشتری سے ہے۔ط۔ی۔ک ل کا تعلق مریخ سے ہے۔ذ۔ض۔ظ۔غ کا تعلق شمس سے ہے۔

اوقات سعد و نحس: عمل حب سعد وقت میں پڑھا جاتا ہے۔ اور عمل بغض وغیرہ نحس وقت میں۔ سعد نحس کا تعلق سورج اور ستاروں سے ہے جس کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

برج اور ستارے

برج:۔ آسمان پر بارہ برج ہیں اور ان کا اثر اعمال پر ضرور پڑتا ہے۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

حمل۱۔ ثور۲۔ جوزا۳۔ سرطان۴۔ اسد۵۔ سنبلہ۶۔ میزان۷۔ عقرب۸۔ قوس۹ جدی۱۰۔ دلو۱۱۔ حوت۱۲۔ ہندی میں ان کو راس کہتے ہیں۔

زحل۔ مشتری۔ مریخ۔ شمس۔ زہرہ۔ عطارد۔ قمر۔ یہ سات سیارے ہیں۔ دنیا کے تمام امور سیاروں کی گردش سے تعلق رکھتے ہیں۔

بُروج اور ستاروں کے باہمی تعلق

بُرج ستاروں کے ساتھ دوستی بھی رکھتے ہیں اور دشمنی بھی۔
اعمال میں بھی اس بات کا لحاظ کرنا پڑتا ہے۔
جب بروج دوستی کی صورت میں ہوں تو اس وقت عمل حُب کریں۔ ورنہ بے اثر ہوگا یا اُلٹ جائے گا۔ یعنی محبّت کی بجائے بُغض اور دُشمنی پیدا کرے گا
اسی طرح جب بُروج اور ستارے ایک دوسرے کے دُشمن بن رہے ہوں۔ تو ایسا وقت اعمال عداوت اور دُشمن کے واسطے موزوں ہے۔ اب اِس کی تفصیل ملاحظہ ہو۔

بُرجوں کے طبائع

۱۔ حمل کی طبیعت اور مزاج آتشی ہے	۷۔ میزان کی طبیعت اور مزاج بادی ہے۔
۲۔ ثور " " " " خاکی ہے	۸۔ عقرب " " " آبی ہے۔
۳۔ جوزا " " " " بادی ہے	۹۔ قوس " " " آتشی ہے۔
۴۔ سرطان " " " " آبی ہے	۱۰۔ جدی " " " خاکی ہے
۵۔ اسد " " " " آتشی ہے	۱۱۔ دلو " " " بادی ہے
۶۔ سنبلہ " " " " خاکی ہے	۱۲۔ حوت " " " " آبی ہے

باہم موافق اور دوست بُرج

حسب ذیل بُرج باہم دوست ہیں۔ ان میں حُب اور دوستی کے اعمال کرنے اور نقش لکھنے چاہئیں اور ان میں بھی فرق ہے حسب ذیل برج باہم بہت دوست ہیں۔

حمل اور اسد باہم دوست ہیں اور جوزا و میزان باہم موافق ہیں
سُنبلہ اور حوت " " " اور جوزا۔ قوس۔ دلو " "
ثور اور سُنبلہ " " " اور اسد اور قوس " "

اوسط درجہ کے دوست برج :۔ ثور و عقرب۔ میزان و حمل۔ سرطان و عقرب۔ سنبلہ و جدی۔

اوسط درجہ کے دُشمن بُرج :۔ حمل و سنبلہ۔ حمل و ثور و میزان۔ حمل و عقرب باہم اوسط درجہ کے مخالف اور دُشمن ہیں۔

بُرجوں کی سمتیں اور اطراف

حمل اسد اور قوس کی سمت مشرق ہے۔ جوزا اور دلو کی سمت مغرب ہے۔ ثور۔ سنبلہ اور جدی سمت جنوب ہے۔ سرطان۔ عقرب اور حوت کی سمت شمال ہے۔

آفتاب ہر ایک بُرج کے اندر ایک مہینہ رہتا ہے۔

ستاروں کے رنگ :۔ زحل کا رنگ سیاہ ہے۔ مشتری کا رنگ زرد ہے۔

مریخ کا رنگ سُرخ ہے۔ شمس کا رنگ سُرخ و زرد ہے۔ زہرہ کا رنگ سبز و زرد۔ عطارد کا رنگ سیاہی مائل اور قمر کا رنگ سفید ہے۔

ستاروں کی سعادت و نحوست

سعد ستارے معہ سمت وغیرہ

مشتری مشرق میں سعد اکبر اور جلالی ہے — زہرہ مغرب میں سعد اکبر اور جلالی ہے
شمس مشرق میں " " " " — قمر شمال میں " " " "

عطارد مغرب میں نہ سعد اور نہ نحس لہٰذا ہر کام میں برابر ہے۔

نحس ستارے معہ سمت وغیرہ:۔ زحل جنوب میں نحس اکبر ہے اور جلالی۔ مریخ مغرب میں نحس اکبر ہے اور جلالی۔

ستاروں کے دوست اور دُشمن ستارے

زحل کے دوست مریخ اور زہرہ ہیں اور دشمن عطارد ہیں۔ مشتری کا دشمن قمر ہے مریخ کے آفتاب، عطارد، قمر، شمس کے مریخ - عطارد - دوست اور دشمن عطارد، شمس کے مریخ عطارد دوست اور دُشمن زحل ہے۔ زہرہ کا دوست زحل ہے۔ اور دشمن عطارد۔ عطارد کے دوست اور دُشمن زحل ہے۔ زہرہ کا دوست زحل ہے۔ اور دُشمن عطارد۔ عطارد کا دوست آفتاب و مریخ ہیں۔ اور دُشمن زحل و زہرہ - قمر کا دوست مریخ ہے اور دُشمن مشتری ✤

ستاروں کے دن مقام اور رفتار ملکیت برج

نام ستارہ	دن	مقام	رفتار	مالک برج
زحل	شنبہ	فلک ہفتم	ڈھائی سال	جدی کا دلو
مشتری	پنجشنبہ	فلک ششم	ایک سال اور ایک ماہ	حوت کا قوس
مریخ	سہ شنبہ	فلک پنجم	۴۵ دن	حمل کا عقرب کا مالک
شمس	یک شنبہ	فلک چہارم	ایک مہینہ	اسد کا
زہرہ	جمعہ	فلک سوم	۸ ۴ دن	ثور د میزان
عطارد	چہار شنبہ	فلک دوم	ایک مہینہ	جوزہ و سنبلہ کا
قمر	دو شنبہ	فلک اول	دو روز چند گھڑی	سرطان کا

ستاروں کے مؤکل

زحل ستارہ کا مؤکل اناتیل فرشتہ ہے
مشتری " " بخرائیل " "
مریخ " " بیاکیل " "

شمس ستارہ کا مؤکل میتائیل فرشتہ ہے
زہرہ " " اسماعیل " "
عطارد " " انفوئیل " "

قمر ستارہ کا مؤکل اشکمائیل فرشتہ ہے۔

ستاروں کے بخورات

زحل ۔ سعد ۔ عود ۔ رال اور گوگل ہے
مشتری کا عطر صندل سرخ اور سفید اور لوبان
مریخ ۔ عود ۔ قرنفل ۔ لوبان ۔ سندھورہ

شمس ۔ عود ۔ صندل ۔ زعفران ۔
زہرہ ۔ عطر ۔ سہاگ ۔ شکر ۔ صندل
عطارد کا بخور عود ۔ عنبر اور لوبان

قمر کا بخور ہ کافور ۔ عطر ۔ گلاب ۔ لوبان ۔ عود

ستاروں کی رفتار

آفتاب اور قمر ۔ سراج السیر یعنی تیز رفتار ہیں ۔ قمر ۔ عطارد ۔ زہرہ شمس اور مریخ کی رفتار کبھی سیدھی ہوتی ہے اور کبھی اُلٹی ۔ عام طور پر جنتریوں میں درج کی جاتی ہے ۔ یہ ستارے کبھی آفتاب کے آگے اور بعض اوقات پیچھے رہتے ہیں ۔ قمر ایک مہینہ میں اپنا تمام دورہ ختم کر لیتا ہے ۔ اس کی اٹھائیس منزلیں ہیں اور انتیسویں تاریخ کو اپنی آخری منزل میں آخری منزل میں آٹھہرتا ہے ۔ منزل ہندی میں نچھتر کہتے ہیں ۔

سعادت و نحوست :۔ ہر ستارہ کسی وقت باعث سعادت ہوتا ہے اور کسی وقت ذریعہ نحوست یعنی اس کے واسطے شرف شرط مبوط لازم ہے ۔

بروج ثابت و سعید :۔ آفتاب بحالت شرف ۔ ثور ۔ اسد ، عقرب ، دلو یہ چار بروج ثابت ہیں ۔ یعنی آفتاب ان برجوں کے اندر ہوتا ہے تو وہ بحالت شرف ہوتا ہے ۔ پس اس وقت محبت اور تسخیر محبت وغیرہ کے عمل کرنے چاہئیں ۔

بروج منحوس ومنقلب: حسب ذیل چار برج نحس ہیں۔ حمل۔ سرطان میزان اور جدی۔ اسی واسطے ان کو بروج منقلب یا بروج نحس کہتے ہیں۔ پس وظائف واعمال، بغض وعداوت ومقہوری انہی کے زمانوں میں کرنے چاہئیں۔

بروج متوسط ومطیع:۔ جوزا۔ سنبلہ۔ حوت۔ قوس یہ چار برج نحس ہیں۔ ورنہ سعد۔ پس ان کی مشرقی ساعات میں اعمال حب وتسخیر کرنی چاہیئے اور مغربی ساعات میں بغض وعداوت کے اعمال وغیرہ ان برجوں آفتاب کو نہ شرف ہوتا ہے اور نہ ہبوط۔ مگر آفتاب منقلب برجوں میں نکالت ہبوط ہوتا ہے۔ جیساکہ مذکور ہوا۔

سعد ستارے

سعد اکبر:۔ مشتری سعد اکبر ہے جیساکہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں۔ پس دوستی ومحبت وغیرہ کے تعویذ اسی کے دورہ میں لکھنے چاہئیں۔ زہرہ بھی سعد ہے پس دوستی اور خراب بندی کے اعمال اسی کے دورہ میں کریں۔ اسی طرح اس دورے ساعات دوستی اور زبان بندی کے واسطے موزوں ہیں۔ ساعات بھی دوستی کے واسطے موزوں ہیں۔ شمس سعد اصغر ہے۔ اس حکام کے واسطے۔ نیز تسخیر خلائق کے اعمال و وظائف نے اس میں لکھنے چاہئیں:

منحوس ستارے

مریخ نحس ہے۔ اِس میں اعمال بُغض و دُشمن مُؤثر ہوتے ہیں۔ اسی طرح زحل نحس اکبر ہے۔ پس مقہور دُشمن کے تعویذ وغیرہ اِسی کے اندر لکھے جانے چاہئیں۔

ساعات یعنی گھڑیاں

عامل کو بُرج اور ستاروں کی رفتار کے علاوہ دن رات کی ساعتوں سے بھی واقف ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ اعمال میں اس کی پابندی بھی لازمی ہے سُورج نکلتے ہی دن کے مالک کی پہلی ساعت شروع ہو جاتی ہے اور پھر وہ ایک گھنٹہ تک رہتی ہے اور اس کے بعد دوسرے کی اور پھر بالترتیب تیسرے اور چوتھے کی شروع ہو جاتی ہے۔

دن اور رات کی ساعات

روز شنبہ کی بارہ ساعتیں:۔ (۱) زحل (۲) مشتری (۳) مریخ (۴) شمس (۵) زہرہ (۶) عطارد (۷) قمر (۸) زحل (۹) مشتری (۱۰) مریخ (۱۱) شمس (۱۲) زہرہ ۔ شب یکشنبہ کی بارہ ساعات :۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔
روز یکشنبہ :۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس

شب دوشنبہ :۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ عطارد
زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ شب دوشنبہ :۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد
قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ روز دوشنبہ :۔ قمر ۔ زحل
مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔
شب سہ شنبہ :۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ روز سہ شنبہ :۔ مریخ
شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ قمر ۔ عطارد ۔
شب چہار شنبہ :۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری
زہرہ ۔ روز چہار شنبہ :۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔
زحل ۔ مریخ ۔ مشتری ۔ شب پنجشنبہ :۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مریخ ۔
مشتری ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ روز پنجشنبہ :۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد
قمر ۔ زحل ۔ مریخ ۔ مشتری ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔
شب جمعہ :۔ قمر ۔ زحل ۔ مریخ ۔ مشتری ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔
مریخ ۔ شمس ۔
روز جمعہ :۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ
عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔
شب شنبہ :۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ
شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ زحل ۔ مشتری ۔ مریخ ۔ شمس
زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔ مریخ ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ قمر ۔

دِنوں کے عام نام

شنبہ: ہفتہ۔ سینیچر۔ سیٹرڈے	چہارشنبہ: بُدھ۔ وینزڈے
یکشنبہ: اتوار۔ سنڈے	پنجشنبہ: جمعرات۔ ویروار۔ تھرسڈے
دوشنبہ: پیر۔ سوموار۔ منڈے	جمعہ: جمعہ۔ شکر۔ فرائیڈے
سہ شنبہ: منگل۔ ٹیوزڈے	روز: دن۔ شب۔ رات

چاند کے مہینے

۱۔ محرم، ۲۔ صفر، ۳۔ ربیع الاول - ۴۔ ربیع الثانی۔

۵۔ جمادی الاوّل، ۶۔ جمادی الثانی، ۷۔ رجب، ۸۔ شعبان۔

۹۔ رمضان، ۱۰۔ شوال، ۱۱۔ ذیقعد، ۱۲۔ ذی الحجہ۔

یہی مہینے قمری کہلاتے ہیں اور نام عربی ہیں۔

خاکی مہینے :۔ صفر۔ ربیع الاوّل۔ جمادی الثانی۔

بادی مہینے :۔ ربیع الاوّل - رجب - ذیقعد۔

آبی مہینے :۔ شعبان - شوال - ذی الحجہ۔

آتشی مہینے :۔ محرم - رمضان - جمادی الاوّل۔

منحوس دن :۔ ہر مہینے کے دو دن یعنی دو تاریخیں سخت منحوس ہوتی ہیں۔ اس واسطے ان دنوں کے اعمال پُورے نہیں ہوتے۔ بلکہ ان میں فائدے کی بجائے نقصان ہوتا ہے۔ اس واسطے عامل کو چاہیئے کہ وہ اِن دنوں کی نحوست

سے بچیں۔ اور ان میں کوئی عمل نہ کریں۔

منحوس تاریخیں

۱۔ ماہ محرم کی ۱۱ اور ۱۴	۷۔ ماہ رجب کی ۱۳ اور ۱۵
۲۔ " صفر " ۱ تا ۳	۸۔ " شعبان " ۲ " ۴
۳۔ " ربیع الاول ۱۰ " ۲۰	۹۔ " رمضان ۹ " ۲۰
۴۔ " ربیع الثانی ۱ " ۸ " ۱۱	۱۰۔ " شوال ۲ " ۷
۵۔ " جمادی الاول ۲ " ۱۱	۱۱۔ " ذیقعد ۳ " ۲ " ۵
۶۔ " جمادی الثانی ۲ " ۴ " ۱۲	۱۲۔ " ذی الحجہ ۲ " ۷

ہفتوں کے اثرات

۱۔ مہینے کے پہلے ہفتے میں محبت و تسخیر وغیرہ کے عمل اور تعویذ کریں۔

۲۔ دوسرے ہفتے میں خواب بندی۔ زبان بندی وغیرہ کے اعمال مناسب ہیں۔

۳۔ تیسرے ہفتے زبان بندی۔

۴۔ چوتھے ہفتے میں مقہوری۔ دشمن کے اعمال کرنے مناسب ہیں۔

(۴۵)

اپنا ستارہ معلوم کرنے کے قاعدے

پہلا قاعدہ: جو شخص جس ستارے میں پیدا ہوگا۔ وہی اس کا ستارہ طالع ہوگا۔ یعنی وہ ستارہ جس برج میں ہوگا۔ پیدائش کا صحیح وقت اپنے بوڑھے والدین سے پوچھ اور اس کے مطابق مندرجہ بالا قاعدوں سے اپنا ستارہ (طالع) معلوم کرلو۔ زائچہ اور جنم پتری سے بھی اپنا طالع معلوم کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس میں تاریخ پیدائش درج ہوتی ہے۔

دوسرا قاعدہ: اگر جنم پتری نہ ہو اور بزرگ ٹھیک وقت پیدائش نہ بتا سکیں تو ان حالات میں جس کسی کا طالع معلوم کرنا ہو، تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ کر ان کے ہندسے حروف ابجد کے حساب سے نکالیں اور کل اعداد جمع کرکے بارہ پر تقسیم کریں۔ اب جو ہندسے باقی بچیں، حمل سے شروع کرکے دیکھیں کہ کون سے پر ختم ہوتے ہیں۔ پس وہی برج اس کا ستارہ طالع ہے۔

یاد رہے کہ نام اصل ہوں۔ تبدیل شدہ نام نہ ہوں۔ یعنی وہ نام ہوں جو والدین نے پیدائش کے وقت رکھے ہوں۔

طالع کا مزاج

ستارہ دریافت کرلینے کے بعد اس کا مزاج معلوم کرنا چاہیے کہ خاکی ہے یا آتشی ہے۔ آبی ہے یا بادی۔ جو معلوم ہو اس کا لحاظ اور رعایت

کرنا چاہیئے۔ فرض کرو کہ طالب کا طالع آتشی ہے اور مطلوب کا آبی، تو طالب کو آبی اور آتشی دونوں اعمال کرنے پڑیں گے۔ تاکہ موافق ہو جائے۔ اس لیے کہ آتش اور آب ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ باہم دشمنی

علاوہ ازیں اس وقت کے ستارہ کی ساعت کا خیال رکھنا ہوگا۔ کہ اس برج کے ساتھ کون سا ستارہ موافق ہے۔ ورنہ عمل کے بے سود ہونے میں کلام نہیں۔ اس نقصان سے بچنے کے واسطے ستاروں کی تسخیر کا علم حاصل کرنا چاہیئے۔ نیز مؤکلات سے امداد حاصل کرنا چاہیئے۔ اور یہ صحیح قواعد پر عمل پیرا ہونا چاہیئے۔

ستاروں کی تسخیر

زحل کو تسخیر کرنے کا عمل:۔ بروز شنبہ روزہ رکھیں اور بعد نماز عشاء ۱۲ بار درود شریف پڑھ کر حسب ذیل آیات ایک سو بار پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ۵ یُغْشِی الَّیْلَ وَالنَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَکَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۵

السلام علیک یا زحل یا زحل یا ارتمائیل یا اقبح۔ اس کے بعد اکیس[۲۱] مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک متواتر کریں۔ لیکن گر چالیس دن تک کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

جسم۔ لباس اور جگہ پاک وصاف ہونا ضروری ہے۔

مُشتری کو تسخیر کرنا

غسل اور وضو کے بعد بدستور روزہ رکھیں اور بعد نماز عشاء سات بار درود شریف اکیس بار اوّل و آخر پڑھیں اور درمیان میں آیات مذکور صـ۲۶ والی بسم اللہ سے رب العالمین تک ایک سو بار پڑھیں اور ان کلمات کے بعد السلام وعلیک یا مشتری یا بحرائیل یا علیم یا کریم کہیئے۔

تسخیر مریخ

آیات مذکورہ ۳ مرتبہ پڑھیئے اور السلام علیک یا مریخ یا بھیائیل یا مصرو کہو۔

تسخیر شمس

آیات مذکور کے بعد اسلام علیک یا شمس یا کلبنائیل یا طغشب۔

تسخیر زہرہ

آیات مذکورہ پڑھیئے اور اسلام علیک یا زہرہ یا خلیع یا صموائیل

تسخیر عطارد

آیات مذکورہ پڑھیئے اور اسلام علیک یا عطارد یا اسکائیل یا فلق۔

تسخیر قمر

آیات مذکورہ پڑھیئے اور اسلام علیک یا قمر یا تقویل یا غدرہ پڑھیئے۔

طالع کی منحوس تاریخیں

حمل کی منحوس تاریخیں:- ۲ - ۶ - ۱۱ - ۲۰ - ۲۹

ثور " " ":- ۴ - ۹ - ۲۳ - ۲۵ - ۲۸

جوزا " " " :- ۴ - ۱۳ - ۱۷ - ۲۸ - ۳۰

سرطان کی منحوس تاریخیں:- ۲ - ۸ - ۳ - ۱۸ - ۲۸

اسد " " " ۶ - ۱۳ - ۱۹ - ۲۱ - ۲۵

سنبلہ " " " ۶ - ۱۳ - ۱۷

میزان " " " ۲۲ - ۲۳ - ۲۸

عقرب " " " ۴ - ۹ - ۱۲

قوس " " " ۳ - ۴ - ۹

جدی " " " ۱۷ - ۲۲ - ۲۳ - ۲۵

دلو " " " ۲ - ۱۲ - ۱۷

حوت " " " ۱۳ - ۲۴ - ۲۹

طالع اور بروج کے مؤکل

حمل کا مؤکل	بلائیل	میزان کا مؤکل	تعنائیل
ثور " "	ہمائیل	عقرب " "	مرمائیل
جوزا " "	اسرفیل	قوس " "	سراطائیل
سرطان " "	مکائیل	جدی " "	خیارائیل
اسد " "	سراطائیل	دلو " "	کلمائیل
سنبلہ " "	نفینائیل	حوت " "	خضرائیل

حروف کے مؤکل

الف کا مؤکل	اسرافیل ہے	ب کا مؤکل	جبرائیل ہے
ت " "	عزرائیل "	ث " "	میکائیل "
ج " "	کاکائیل "	ح " "	تنکائیل "
خ " "	میکائیل "	د " "	دردائیل "
ذ " "	سرائیل "	ر " "	امواکیل "
ز " "	سرذائیل "	س " "	ہمیسواکیل "
ش " "	سماعیل "	ص " "	لاہجیل "
ض " "	عطکائیل "	ط " "	اسماعیل "
ظ " "	نورائیل "	ع " "	نورائیل "

غ کا مؤکل لوفائیل ہے	ف کا مؤکل سرحاکیل ہے
ق ″ ″ خطرائیل ″	ک ″ ″ مرزکیل ″
ل ″ ″ طاطائیل ″	م ″ ″ روبائیل ″
ن ″ ″ جولائیل ″	د ″ ″ اقمائیل ″
و ″ ″ دوریائیل ″	ی ″ ″ سرکتیائیل ″

ضروری ہدایات

محبت کے عمل چاند کی چودہویں، پندرھویں (۱۵) تاریخ کردیا عروج ہیں اور دن کے حصہ میں۔ یعنی بارہ بجے سے پہلے اور سعد بروج اور ستاروں کے دور میں، جوت کا تصور اور منہ میں شیرینی رکھو۔ ترقی رزق، فتوحات اور تسخیر کے اعمال میں پابندی ضروری ہے۔ جدائی، مقہوری دشمن وغیرہ کے اعمال پندرویں (۱۵)، سترھویں تاریخ کے لیعسان کے آخری حصے میں کرو۔ اور ستاروں کی ساعت کا خیال رکھو اور طالب یا مطلوبہ کے نام کی رعایت کرو منہ کے اندر کوئی کڑوی سے رکھو اور اگر ان تمام ہدایات پہ عمل کیا گیا تو گوہر مقصود کا ہاتھ آنا کچھ دشوار نہیں بلکہ آسان ہے۔ اور یقین ہے۔ ضرورت صرف مستقل مزاجی کی ہے۔ اور حُب سے کام کو سرانجام تک پہنچانے کی۔ تعویذ لکھنے اور نقش بھرنے میں بھی احتیاط کریں۔

ادارہ

نقشہ ساعات روزانہ

	۶ سے ۷ بجے	۷ سے ۸ بجے	۸ سے ۹ بجے	۹ سے ۱۰ بجے	۱۰ سے ۱۱ بجے	۱۱ سے ۱۲ بجے	۱۲ سے ۱ بجے	۱ سے ۲ بجے	۲ سے ۳ بجے	۳ سے ۴ بجے	۴ سے ۵ بجے	۵ سے ۶ بجے
شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شب	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

کس ساعت میں کونسا کام کریں

عطارد

اس میں بچوں کا مدرسہ میں بٹھانا، مریض کا علاج کرانا۔ نیا کپڑا بنوانا۔ تجارت کرنا۔ کنواں کھدوانا۔ امیروں اور حکام کے پاس حاجت لے جانا مبارک ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والا فرزند سعادتمند ہوتا ہے۔

قمر

اِس ساعت میں سفر کرنا۔ عمارت بنوانا۔ کاشت کاری کرنا۔ باغ لگانا۔ کنواں بنوانا اور دوستی اور تسخیر کے واسطے تعویذ اور نقش لکھنا مبارک ہے۔ اس ساعت کی اولاد خوش قسمت اور اقبال مند ہوتی ہے۔

زحل

اِس ستارہ کی ساعت میں عمارت بنوانا۔ باغ لگوانا۔ کنواں کھدوانا۔ مبارک ہوگا۔ تجارت کے لیے اچھا بھی ہے۔ بغض و دشمنی کے نقش و تعویذ انہیں ساعت میں لکھنے چاہئیں۔ مگر یہ ساعت شادی مباشرت آغاز علاج اور ملاقات حکام کے مسکن ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والی اولاد کنجوس ہوتی ہے۔

مشتری

اس میں شادی حکام سے ملاقات۔ نئے کپڑے پہننا اور سلانا۔ تجارت کرنا۔ دوستی اور محبت کے نقش لکھنا اور کوئی کام کرنا مناسب ہے۔ اور اس میں کامیابی کی قوی امید ہے۔ اس ساعت کی پیدا شدہ اولاد خوش قسمت اور بلند اقبال ہوتی ہے۔

مریخ

یہ ساعت دشمن کے مقابلہ اور جنگ کے مبارک ہے۔ لیکن تجارت، ملاقات، حکام، شادی، سفر اور تعمیر مکان کے لیے منحوس ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والے لڑاکے لالچی، دلیر، ظالم اور خونخوار ہوتے ہیں۔

شمس

یہ ساعت شادی، ملاقات۔ حکام، کپڑا خریدنے اور بنوانے۔ زیور بنوانے، سفر کرنے اور دولت و حشمت کے لئے۔ تعویذ لکھنے کے واسطے مبارک ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والے طویل العمر خوش بخت اور عقلمند ہوتے ہیں۔

زہرہ

اس ساعت میں شادی، ملاقات، علاج، تجارت کرنا مناسب و مبارک

ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والے بچے نیک خوش قسمت اور دولت مند ہوتے ہیں۔

(۵)

عملیات محبت

تسخیر محبوب و مطلوب

چاند کی بارہویں تاریخ کے بعد جب چاند بُرج شرف میں ہو۔ اور سورج بھی برج شرف میں ہو اور زہرہ مشتری کی نظر تثلیث پر ہو۔ غسل کرکے اور پاک لباس پہن کر لوح زریں پر والا بکم اللہ واحد لا الٰہ اِلّاھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیم نقش کریں۔ لوح (تختی) مربع ہونا چاہیئے۔ لوح کی پشت پہ اپنا نام معہ نام والدہ لکھیں نیز جس محبوب کا دل تسخیر کرنا ہو، اس کا اور اس کی ماں کا نام بھی لکھیں اور تختی نہایت حفاظت سے اپنے پاس رکھیں۔ تعویذ کندہ کرتے وقت بالکل خاموش رہیں اور کسی سے گفتگو نہ کریں۔ اس وقت منہ بھی پاک اور خالی ہونا چاہیئے۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۲	۲۳۶	۲۳۳	۲۲۹
۲۳۴	۲۲۸	۲۲۳	۲۳۵
۲۲۷	۲۳۱	۲۳۸	۲۲۴
۲۲۷	۲۲۵	۲۳۶	۲۳۳

برائے وصال محبوب مرغوب

یک شنبہ یا چہار شنبہ کو پندرہویں تاریخ سے پہلے جب قمر بُرج شرف میں تو یہ نقش مشک اور زعفران سے لکھنا شروع کریں۔ اور

ہر روز اکیس بار لکھیں اور دریا میں ڈال آیا کریں اور آتے وقت پیچھے پھر کر نہ دیکھیں اور نہ آتے جاتے کسی سے گفتگو کریں۔ تعویذ لکھنے سے پہلے سات بار درود شریف پڑھ لیا کریں۔ جب تعویذ دریا میں ڈال کر آئیں تو اسی جگہ بیٹھ کر یا بُدوح اکیس سو بار پڑھیں یہی عمل چالیس روز تک متواتر کرتے رہیں۔ ایک چلے میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب اپنی مراد کے واسطے ایک بار اور لکھے تو محبوب مہربان ہو گا ؛

۷۸۶

برائے ہر مُراد

ح	و	د	ب
۲	۳	۶	۹
۶	۸	۲	۴
۵	۲	۸	۶

علاوہ ازیں یہ تعویذ ہر مراد پوری کرتا ہے۔ تعویذ ہرن کے داہنے کندھے کی جھلی پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھیں مگر ناپاکی کے وقت الگ رکھ دیا کریں۔ تو ہر کام میں کامیابی ہو گی۔

محبوب فرمانبردار ہو

چاند کی سولھویں تاریخ سے پہلے یعنی عروج ماہ میں علی الصبح اُٹھ کر غسل کر کے نماز فجر پڑھیں اور دانہ گندم ایک ہزار دھلے دھلائے لے کر مطلوب کا تصور کر کے یا رحمٰن کل شیءٍ رحمتہ الرحمن ایک ایک دانہ پر دم کرتا جائے حتیٰ کہ ایک ہزار تعداد پوری ہو جائے اور تمام دانے پڑھے جائیں۔ اب گندم

ایک شیشی میں حفاظت سے رکھ لیں۔ دوسرے روز علی الصبح غسل کر کے بیٹھیں اور بدستور ہزار دانوں پر وہی اسم پھونکیں۔ تیسرے روز بھی یہی عمل کریں تصوّر ضروری ہے۔ اول و آخر سات سات بار درود شریف بھی ضرور پڑھیں۔

تیسرے روز پڑھی ہوئی گندم ایک بالکل نئی اور پاک ہانڈی میں ڈال لیں اور پانی ڈال کر انہیں ابالیں۔ ہانڈی کا منہ بند رکھیں۔ بلکہ سرپوش اور ہانڈی کو آٹے سے خوب بند کر دیں۔ اب یہ ہانڈی معہ گندم کے اندھے اور بے آب کنوئیں میں ڈال دیں۔ تو نامہربان، مہربان ہو کر حاضر ہو گا۔ اس عمل کے ذریعہ ہر شخص کو فرمانبردار بنایا جا سکتا ہے۔

عجیب الاثر ہے۔

نامہربان محبوب مہربان ہو

جب ناراض دوست یا حاکم کے سامنے جائیں تو دل کے اندر الف ب ت وغیرہ ترتیب وار آخر تک پڑھتے جائیں۔ اور آخر میں حریف کی طرف دم کریں پس وہ مہربان ہو جائے گا۔

مطلوب طالب بن جائے

ایک بادام تلاش کر کے لائیں جس کے اندر دو گریاں یعنی دو مغز ہوں اور عروج ماہ میں درود شریف سات بار اور سورہ یٰسین گیارہ بار پڑھیں۔ اور ان باداموں پر دم کریں۔ بعد ازاں مغز ریشمی پارچہ (کپڑے) میں لپیٹ کر درخت

انار شیریں کی شاخ سے باندھ دیں۔ اس کے بعد اسی شاخ کے نیچے سورۃ یٰسین تین یوم متواتر پڑھتے رہو۔ اثنائے عمل میں مطلوب کا تصور قائم رکھو۔ انشاءاللہ مطلوب جلد حاضر ہوگا۔ بلکہ وہ طالب کا درجہ اختیار کرے گا۔

باہم محبت ہو جائے

نماز فجر کے بعد چنبیلی کے تازہ پھولوں پر لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ سورت اکیس بار پڑھ کر پھونکیں۔ پھول طالب و مطلوب کو سنگھائیں۔ بس ان کے درمیان موافقت اور مستقبل محبت ہو جائے گی۔ دو دوستوں کے درمیان ناچاقی ہو جائے تو ان دونوں کو پھول سنگھائیں۔ پس ان کے مستقل و مستحکم محبت از سر نو ہو جائے گی، جو کبھی نہ جائے گی۔ یہ اعمال ایسے ہی موقعوں پر استعمال کرنے چاہئیں۔ ناجائز جگہ ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں۔ ورنہ بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔

مطلوب مطیع ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۔ سات بار پڑھ کر مٹھائی یا کسی چیز پر دم کر کے جسے کھلائیں وہ مطیع ہو جائے گا۔

مطلوب حاضر ہو

لعـ ۹۰۰ ۱۱ ۱۱ ۱۳ ۱۲ ۱۱ ۹ ۱ م ۲ ح د ع ع

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

جس سے محبت ہو اس کا پہنا ہوا کپڑا لا کر اس پر لکھے اور اس کا فتیلہ بنا کر چراغ کے اندر جلائیں اور چراغ کی لو مطلوب و محبوب کے رخ رکھیں پس وہ فوراً بیقرار ہو کر حاضر خدمت ہوگا اور ہمیشہ کے واسطے فرمانبردار بن جائیگا۔

محبوب فرمانبردار ہو

یہ تعویذ منگل یا جمعرات کی صبح کو لکھ کر اور چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں اور چراغ کی لو کا رخ محبوب کے گھر کی طرف رکھیں۔ پس

سلح	ہو	سلح	مسجد
اہو	سلح	طلاح	سمیع
طلس	سلح	سلح	اسلح

وہ بیقرار ہو کر حاضر خدمت ہو جائے گا اور زندگی بھر مطیع رہے گا۔ انشاء اللہ معشوق تابع ہو جائے۔ جب چاند بڑھ رہا ہو تو جمعہ کی آدھی رات کو اول درود شریف گیارہ بار پڑھیں اور پھر فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ اللّٰھم انت الرب حسبی یہ تین بار اس میں اپنا نام معہ نام والدہ خود لیں اور پھر محبوبہ اور اس کی ماں کا نام لیں اور اعطف قلبسۃ علے وذا اللہ اور نہ لہلہاتی پڑھیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف کا ورد کریں۔ ہر روز یہی عمل کریں۔ حتیٰ کہ چالیس روز پورے ہو جائیں۔ بس محبوبہ سے نکاح ہو جائے گا اور مراد پوری ہوگی۔ اگر محبوبہ کی ماں کا نام معلوم نہ ہو سکے تو اس کی جگہ بنت حوا کی بیٹی لکھ دیں۔ مجرب ہے۔

مطلوب فوراً حاضر ہو جائے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یا یحیوتہم یا جبرائیل مراک کحب اللہ یا میکائیل تبارک الذین آمنو اسرافیل اشرالۃ اشد حب اللہ یا جبرائیل
پیر کی رات کو گیارہ بار درود شریف پڑھے اور منہ شمال کی طرف رکھے۔ پھر مندرجہ بالا کلام سو بار پڑھے اور یہی محلوم زعفران سے لکھ کر پتھر کے نیچے دبا دیا جائے۔ عمل گیارہ شب پڑھے پھر لکھ کر دبائے۔ آخر میں فلاں بن فلاں حاضر کر پڑھیں اور لکھیں۔ تو محبوبہ بے قرار ہو کر حاضر ہو جائے اور فرمانبردار بن جائے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

مطلوب فریفتہ ہو

یہ تعویذ عروج ماہ میں لکھ کر مٹھائی وغیرہ خوردنی چیزیں ملا کر مطلوب کو کھلادیں۔ بس وہ فریفتہ و شیدا ہو کر حاضر ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۱۲
۱۴	۱	۸	۱۱

مطلوب بیقرار ہو

یہ تعویذ چینی کے برتن پر لکھیں اس کو دھو کر یہ پانی پاک شیشی میں بھر لیں اور جس طرح ممکن ہو یہ اپنی مطلوب کو پلا دیں یا کسی کھانے میں ملا کر کھلا دیں تو انشاء اللہ محبوب بیقرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔

٦	۰۰۹	۰۰۲	۰۰۷	۸
۷	۰۰۳	۰۰٦	۰۰۸	۳
۸	۰۰۵	۰۰۱۰	۰۰۲	۲

مطلوب مطیع ہو

یہ تعویذ عروج ماہ میں جمعہ یا پیر کے دن لکھ کر اپنے بازو میں باندھیں پس محبوب مرغوب حاضر اور مطیع ہو گا

ح	٦	ام	۱	۲	ط	۱	۲
م	ح	۲۱	ح	ی	ب	ی	ا

مطلوب فوراً حاضر ہو

۷۸٦

۵۱ الا الا لہ لہ لہ لہ لہ لہ

یہ تعویذ عروج ماہ میں لکھ کر میٹھے انار کے درخت کی شاخ میں باندھیں پس درخت کی شاخ ہلے گی تو محبوب مطلوب مغلوب ہو کر حاضر خدمت ہو گا اور مطیع رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مطلوبہ مل جائے

یہ نقش مبارک لکھ کر پاس رکھے تو مطلوبہ یا محبوبہ محبت کرے گی اور آپ کے دل کی اُمید بر آئے گی۔ انشاء اللہ تعالےٰ

۱۱	۱۹۱	۱۱۱۹،	۱	۱۱	ی

المحب فلاں بن فلاں

مطلوب یا مطلوبہ طابع ہو

عروج ماہ میں ہر روز یکشنبہ (اتوار) کو یٰسین والقرآن الحکیم اِنَّکَ لَمِنَ المرسلین علی صراط المستقیم تنزیل العزیز الرحیم۔ لکھ کر داہنے بازو پر باندھیں تو دلی مُراد بر آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مطلوب بیقرار ہو

پیپل کا ایک بڑا سا پتہ لے کر اسے دھو کر صاف کریں۔ پھر اسے خشک کر کے اس کی ایک طرف سورہ کوثر لکھیں اور دوسری طرف یہ لکھ کر کنوئیں میں پھینک دیں تو مطلوب بیقرار ہو کر حاضر خدمت ہو گا۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۱۴

مطلوب محبت میں دیوانہ ہو

مطلوب کا استعمال کیا ہوا کپڑا لے کر اس میں سے سات ٹکڑے پھاڑ لیں اور ان میں سے ایک ٹکڑے پر یہ تعویذ سنیچر کے دن لکھے اور ان میں سے ایک اسی رات جلائے اور دوسرا اگلے روز تیسرا تیسرے روز اسی طرح ایک ہفتے تک جلایا جائے تو مطلوب محبوب زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ میں حاضر ہو۔

۲۰۸	۲۰۵	۲۰۷
۲۰۱	۲۰۹	۲۰۳

مطلوب حاضر ہوگا

یہ تعویذ عروج ماہ میں بروز جمعرات لکھ کر ویرانے میں دفن کر دیں۔ پس مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

۱۲ صر	
المستقیم	ایاك
الصراط	و
نا	نعبد
اھد	ایاك

محبوب حاضر ہو

محبوب مطلوب کا پہنا ہوا پرانا کپڑا حاصل کریں اور اس پر یہ تعویذ لکھ دیں اور فلاں بن فلاں مٹی کا بنا ہوا دیا یعنی چراغ لیکر اس میں روغن کنجار روغن تل کا تیل ڈال کر جلائیں اور معشوق کا تصور کریں اور اگلے روز بھی یہی عمل کریں۔ اور ایک ہفتہ یعنی سات روز برابر کئے جائیں۔ حتیٰ کہ اگر ہفتے سے پہلے بھی کام

ہو جائے تو بھی ہفتہ پورا کام کرنا۔ ورنہ عمل باطل اور معشوق برگشتہ ہو جائے گا۔ ولـہـہـہـ

الحب فلاں بن فلاں

محبوب مرغوب تسخیر ہو جائے

اتوار کے دن چاند کی چودھویں یا پندرھویں تاریخ کو یہ تعویذ لکھے اور اول اس کی زکوٰۃ اس طرح ادا کرے کہ ہر روز ولـہـہـہـ (۱۲۵۰) تعویذ لکھ کر دریا میں ڈالتا رہے اور یہ عمل اکتالیس روز کرے۔ اب ہر روز پانچ تعویذ لکھ کر کسی وقت دریا میں ڈال آیا کرے۔ پس یہ زکوٰۃ ہوگی اصل عمل یہ ہے کہ روٹی کا ٹکڑا لے کر اس پر یہ تعویذ لکھے اور سیاہ کتے کو کھلا دے۔ اگلے روز تیسرے اور چوتھے روز حتی کہ متواتر گیارہ روز یہی عمل کرے۔ ناغہ نہ کرے اور اثنائے عمل میں محبوب کا تصوّر کرے۔ پس اس کا دل تسخیر ہو جائے گا۔ از حد وہ بیقرار ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

۱	۱۱	۱۶	۶
۴	۱۸	۹	۲
۱۰	۰	۷	۱۷
۱۹	ح	۲	۸

محبوب معافی مانگے

بروز یکشنبہ عروج میں ایک چڑا ذبح کریں اور اسی کے خون سے لکھ کر

فوراً سرخ ریشمی کپڑے میں باندھیں۔ کپڑا پہلے سے مہیا کرلیں۔ اب وہ تعویذ معہ ریشم انار شیریں کے درخت میں لٹکا دے۔ محبوب حاضر ہو کر غیر حاضری کی معافی مانگے گا۔

۳۷	فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بیقرار شدہ فرشدہ	۳ع
۷		۱۲
۱۲ / ۱۲		۱۲ / ک ۴

مطلوب مطیع ہو

اول مُردے کی ایک کھوپڑی حاصل کریں۔ بعد ازاں دیوالی کے روز کچھ روٹی کاٹے اور اُسی روز دیوالی کے چراغوں کی روشنی میں ہر دو تعویذ لکھیں۔ نقش ۱ ۴۵ عدد لکھیں اور نقش ۲ ۱۵ اعداد۔ ایسے کھوپڑی اور تعویذ جنگل میں لے جائے اور بیٹھ کر تعویذ کی بتی بنا کر اسے میٹھے تیل میں جلائے اور اس وقت شعلے کے اوپر کھوپڑی رکھ کر کاجل پاوے اور بتی جل جانے کے بعد کاجل ایک شیشی میں بھرے۔ بوقت ضرورت یہ کاجل اپنی آنکھوں میں لگا کر معشوق کے سامنے جائے تو وہ مطیع ہو اور ہر حکم کی تعمیل کرے انشاء اللہ تعالےٰ۔

(۱)

۱۶	۱۱	۱۸
۱۷	۱۵	۱۳
۱۲	۱۹	۱۵

(۲)

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

برائے تسخیر محبوب

یہ تعویذ اتوار کے دن مشتری کی ساعت میں زعفران گلاب میں حل کر کے لکھیے۔ اور مٹی کے ایک چھوٹے سے کورے لوٹے کے اندر ڈال دیں اور اوپر ذرا سی شکر بھی ڈالیں اور اب اُسے آگ کے اندر اس طرح گاڑیں کہ گرمی بخوبی پہنچتی رہے۔ پس کوزہ کو جوں جوں گرمی پہنچے گی محبوب بیقرار ہوگا۔ مجرب و بینظیر ہے۔ کوزہ آگ کے اندر سے نکال کر سرد جگہ دفن کرنے سے یہ عمل باطل ہو سکتا ہے۔

۷۸۶

۳۷۲	۳۷۵	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۱	۳۷۶
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۲	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۸	۳۸۰

محبوب عاشق ہو جائے

اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر آو اللّٰہ المستعان علٰی ما تصفون بیا رفیق یا شفیق بحق من کل ضیق ایک ہزار بار پڑھ کر پھر درود شریف گیارہ بار پڑھیں اور پھولوں کے اُوپر پھونکیں۔ بس یہ پھول معشوق کے پاس بطور تحفہ بھیجیں۔ تو محبوب پھول سونگھتے ہی بیقرار ہو جائے گا۔

تسخیر محبوب بد مزاج

یہ تعویذ عروج ماہ میں جمعرات کے روز ساعت مشتری میں لکھیں اور

۷۸۶
۱۱ ۱۸ ۱۸ ہ ۱۸ ۱۱ ۱۸
ک ۱۱۹ ع ۱۸ ۸ ۵
۱۱۱ ۹ عہ ۱۹۱ ع ۱۱۱ ع۴
۱۱ ۲۱ ۱۱ ۱۱ع ۲۳ ۱۱۸ لعہ ۱۱
ھ ۹۱ ع لا ع ھ ۱۹۱۴ ع ۱
۱۸ ۱۱ ع ۱۱ عہ ۸۸،
۴۵ الساعۃ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

کاغذ پر شہد نیز عطر مل کر اور نئی روئی کی بتی بنا کر اس میں) یہ تعویذ لپیٹ لیں اور نئے دیے میں تل کا تیل ڈال کر چراغ جلائے مگر بتی مذکور بالا یعنی اس تعویذ کی ڈالے اور بتی کے منہ کا رخ معشوق کے گھر کی طرف رکھے اور خود چراغ کے سامنے بیٹھا رہے اور گنے بغیر درود پڑھتا رہے ۔ اسی طرح پورا ہفتہ یعنی سات روز عمل کرے ۔ پس محبوب بیقرار ہو کر جلد حاضر ہوگا ۔ یہ تعویذ ہزاروں بار آزمایا گیا ہے اور تیر بہدف نکلا ۔ یہ تمام تعویذوں سے بڑھ چڑھ کر ہے ۔

نوع دیگر :- یہ تعویذ بکری کے شانے (کندھے) پر لکھیں اور اس پر شہد مل کر آگ میں دفن کر دیں کہ اسے ہر وقت گرمی پہنچتی رہے ۔ پس مطلوب دیوانہ وار حاضر ہوگا ۔ معشوق کی طلبی کے لیے بائیں شانے پر تعویذ لکھیں ۔ دلی مراد بر آئے گی ۔ انشاءاللہ ۔

معشوق مطیع ہو

اوّل اسم الحکیم کی زکوٰۃ ادا کریں ۔ طریقہ یہ ہے کہ جب نیا چاند نظر آئے تو اس کے بعد جو جمعرات آئے اُس سے عمل شروع کریں ۔ نماز فجر پڑھنے کے

بعد اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھیں ۔ پھر اسم مبارک الحکیم چھ سو بار اور پھر درود شریف گیارہ بار پڑھیں ۔ پھر نماز عصر کے بعد بھی اسی تعداد میں پڑھے اور اس ایک چلّے میں سوا لاکھ بار پڑھے اور اس کے بعد کچھ مٹھائی تقسیم کرے ۔ اب عمل قبضے میں ہے کیونکہ زکواۃ پوری ہو گئی ۔ ہر روز ایک سو بار پڑھیں تو عمل قبضے میں رہے گا ۔ اب معشوق کو مطیع کرنے واسطے صبح کو ایک سو بار اور شام کو بھی ایک سو بار پڑھیں اور عمل پڑھتے وقت معشوق کا تصور کرتا رہے ۔ پس دلی مراد پوری ہو گی ۔ کارگر اور مجرب ہے ۔

سنگدل بھی موم ہو جائے

(۱)

۱۵	۲۱	۲۷	۴
۲۵	۳	۱۳	۲۳
۵	۳۱	۱۷	۱۱
۱۹	۹	۷	۲۹

(۲)

۱۶	۲۲	۲۸	۲
۲۶	۴	۱۴	۲۴
۶	۳۲	۸	۱۲
۲۰	۱۰	۸	۳۰

پہلا تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھو اور دوسرا تعویذ لکھ کر اور پانی میں گھول کر معشوق کو پلا دو تو بے رحم ، بے وفا اور سنگدل معشوق بھی مطیع ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ تعالےٰ ۔

بشرطیکہ نیک نیت ہو ۔

فوراً محبت ہو

بروز شنبہ دن کے دس بجے آفتاب برج سرطان کے اندر ہو تو یہ تعویذ چاندی کی تختی پر لوہے کے قلم سے نقش کریں اور فوراً دریا کے اندر ڈال دیں۔ دریا قریب نہ ہو تو کنوئیں کے اندر ڈال دیں تو محبوب کے دل میں فوراً محبت پیدا ہو جائے گی۔ اور وہ فوراً حاضر ہو جائے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

۱۰ ۶۱ ۱۰۳۰ ۶۱۰۰ ۵۰۰ ۱.۱
ک الف س ل ی ع و ث الف

۸	۶۰۳	۶۰۶	۱
۶۰۵	۲	۷	۶۰۴
۳	۶۰۸	۶۰۱	۶
۶۰۲	۵	۴	۶۰۷

محبوب بیقرار ہو کر حاضر ہو

اگر معشوقہ کا طالع آبی ہو تو حسب ذیل تعویذ ساعت مشتری میں چہار شنبہ کے دن عرق گلاب ۲۱ الا ام ۱۱۱ ۱۱۷ ۱۶۹۸ صط الا ع ۱۱ ۵ ام ۱۱ ۸۰ ۵ ۶ میں مشک و زعفران حل ام ۱۱۱ ۸۱۱ ۱۶۸۹ ط ۱۱۹۹۷ لا، م ط طمع طمع کر کے لکھے اور فوراً صصصصہ صسر ۵۹۷ ع ۱۱۰

دریا میں ڈال دے۔ یہ تعویذ قمری مہینے کی یکم یا ساتویں تاریخ کو لکھنا چاہیئے اور اس روز نہ فلاں بن فلاں العجل العجل الوحا الوحا روزہ بھی رکھے۔ بس دلی مراد بر آئے گی۔ محبوب برام ہو۔ انشاءاللہ الوحا ال الساء الساعۃ نام معشوقہ فلاں کی بنت

تسخیر کے واسطے بے نظیر تعویذ

۸	۶۳	۶۲	۵	۴	۵۹	۵۸	۱	۵۵	۱۱	۲۵	۵۵	۱۴	۵۶	۱
۹	۲۰	۶۴	۴۸	۱۶	۵۰	۱۹	۵۶	۶	۲۰	۲۴	۴۳	۱۹	۱۵	۶۳
۵۴	۲۴	۳۲	۳۵	۳۸	۲۵	۴۱	۱۴	۳	۴۴	۳۲	۳۸	۲۵	۳۳	۶۲
۱۰	۴۳	۳۷	۴۸	۳۱	۳۶	۲۵	۵۵	۶۱	۱۷	۳۷	۳۱	۳۶	۴۸	۴
۵۲	۴۴	۲۷	۴۰	۲۳	۲۰	۲۱	۱۳	۶۰	۴۷	۴۷	۳۲	۳۰	۱۸	۵
۱۲	۱۸	۳۴	۲۹	۲۸	۲۹	۴۷	۵۳	۶	۱۹	۲۳	۲۹	۳۹	۴۶	۴۹
۲۱	۴۶	۲۳	۱۷	۴۹	۱۵	۴۵	۱۴	۷	۵۰	۲۱	۴۱	۱۶	۵۵	۵۸
۶۲	۲	۳	۶	۶۱	۶	۵	۵۷	۵۷	۵۷	۱۲	۵۲	۱۵	۹	۸

یہ تعویذ جمعرات کے دن لکھ کر اپنے بازو پر باندھیں۔ پس محبت میں کامیابی ہو گی۔ اور مطلوب کا دل مسخر ہو گا۔

برائے حُب بے بدل ہے

جب مطلوب کا طالع بادی ہو تو یہ تعویذ نیک ساعت میں گلاب میں مُشک

و زعفران حل کر کے لکھیں اور درخت پر دھاگے سے باندھ دیں کہ ہوا سے ہلے، پس محبوب بیقرار و پریشان ہو کر حاضر ہوگا۔

ص ۱۱۱ ۱۱۱ ع ۱۱ ۹ ۱۱ ح ہ ۶۱۱ ۶۱۱ ۶۱۱ ۱۱۱

ع نام معشوقہ ۳ ہ ۹ طمم ادم ع نام طالب

یہ اسم فلاں بنت فلاں علے حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل العجل

الساعہ الساعہ الساعہ الوحا الوحا الوحا

محبوب بیقرار ہو

۹۶۰ ۱۳۲ ۱عم ۹۹ ۶۶ ۱۱ ۱۱ ۹ ۱۱ ۹ ۷ ۶ ۹ ۱۱ ۹ ۱۱ ۶ ۱۱ ۶ ۱۱ ۶ ۱۱ ۹ ۱۱

نام مطلوب ۱عم ۱۵ ۸۸ ۹۷ ۱۱۱ م ۱۱۱ ۹ ۵ ہ نام عاشق

باسم فلاں بنت فلاں (اصلی نام) حب فلاں ابن فلاں العجل العجل الوحا الوحا الوحا

جب محبوب کا طالع خاکی ہو تو چاند کی پہلی تاریخ پنجشنبہ الساعہ الساعہ الساعہ یہ تعویذ خشک زعفران اور گلاب سے لکھے مگر زہرہ کی ساعت میں اور معشوقہ کی راہ میں دفن کر دے۔ تو وہ بیقرار ہو کر حاضر ہو دل کی مراد بر آئے۔ محبوب فرمانبرداری کرے۔ انشاءاللہ سینکڑوں بار کی آزمائش میں کامل آمد ثابت ہوا۔

محبوب دیوانہ ہو جائے

جب محبوب کا ستارہ آتشی ہو تو یہ تعویذ نوچندی جمعرات کو مشتری ساعت میں

بروز یکشنبہ لکھے اور چولھے کے اندر دفن کرے۔ صبحا۔ اصولع عن المباع یذعون فوقاً وظغاً وعمارتناہم مقفعون اللھم ہو فلاں یخاتو فیہم یا انم فلاں بنت فلاں (نام معشوقہ) علیٰ حب فلاں بن فلاں (نام طالب) العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ پس محبوبہ بے قرار دیوانہ وار حاضر ہو۔ یہ تعویذ طلسمی اثر رکھتا ہے دل کی پاکیزگی لازمی شرط ہے۔

عمل تسخیر بے نظیر

اوّل عمل کی زکوٰۃ دیں۔ طریق ادائگی زکوٰۃ یہ ہے کہ پاکیزہ سفید لباس پہن کر نماز اشراق پڑھیں اور اس کے بعد سورہ الم نشرح اکتالیس بار پڑھیں۔ احتیاط رکھیں کہ وضو نہ ٹوٹے۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ سورۃ ختم ہونے کے بعد سات مؤکلوں کے نام لیں جو یہ ہیں۔ ابرسا۔ صیرسا۔ حاجیا۔ صورطہ۔ علاوہ ازیں ہر جمعرات کو سوجی ایک چھٹانک، شکر ایک چھٹانک اور روغن زرد ایک چھٹانک کا حلوہ اپنے ہاتھ سے بنا کر اس پر حضرت علیؓ کی نیاز دیں اور اُسے خود کھالیں۔ یہ عمل متواتر چالیس روز کریں تو زکوٰۃ پوری ہو گی۔ اور عمل قبضے میں آئے گا۔

جب کسی کی تسخیر مطلوب ہو تو بروز یکشنبہ تا دل کی چھاؤں، پھولوں کے باغ میں جائیں اور کسی پھول کی تین کلیوں پر نظر جما کر انہیں شناخت کرائیں۔ اور بعد ازاں ان کے اُوپر سورہ الم نشرح چار بار پڑھیں اور مؤکلوں کا نام بھی لیں اگلے روز اور پھر تیسرے روز بھی یہی عمل کریں۔ حتیٰ کہ کلیاں پھول بن جائیں۔ لیکن

ان کو توڑ لائیں۔ اور ہار بنا کر محبوبہ کو بطور تحفہ بھیج دیں۔ پس وہ پھول سونگھتے ہی محبت سے بیقرار ہو جائے گی۔ اور جلد حاضر ہو جائے گی اور عمر بھر فرمانبردار رہے گی۔ عمل ہذا کو قبضے میں رکھنے کے واسطے سورہ الم نشرح معہ اسمائے مؤکلات ہر روز چالیس ۴۰ بار پڑھنا لازمی ہے۔

برائے حُب بے نظیر

عروج ماہ میں جمعہ کی رات کو الٰہی بحرمت جبرائیلؑ و میکائیل و اسرافیل و توریت موسیٰؑ و انجیل عیسیٰؑ و فرقان محمد الرسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم چالیس بار پڑھیں اور متواتر چار روز تک پڑھتے رہیں۔ عمل پڑھنے کے دوران مطلوب کا تصور کرتے رہیں۔ مگر حرام کاری کی نیت ہرگز نہ ہو۔ ترک حیوانات کریں۔ گوشت وغیرہ بالکل نہ کھائیں۔ پس جس کے واسطے عمل پڑھا جائے وہ عامل کے فراق میں دیوانہ و فریفتہ ہو کر حاضر ہوگا۔ نہایت مجرب ہے۔

معشوق عاشق کے قدموں پر

یہ نقش متبرک اندر دفن کر دیں پس وہ چند ہی روز میں طالب بن کر حاضر ہوگا۔ [illegible] شق کے قدموں پہ سر رکھے گا۔

۱۴	۱۰	۴	۱۷
۵	۱۶	۱۵	۱۸
۱۱	۶	۱۹	۹
۱۸	۱۲	۱۸	۷

انشاء اللہ تعالیٰ

دیوانۂ محبت بن جائے

یحبونہم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ۔ جمعہ کی رات کو چودہ بار پڑھیں اور مٹھائی پر دم کر کے محبوب کو کھلادیں۔ وہ مطیع اور تمہاری محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حب کے لئے لاجواب

یہ نقش عظیم پاکیزہ کاغذ پر لکھ کر محبوب کے تکیے کے نیچے رکھ دیں تو وہ بیقرار ہو کر حاضر ہو۔ یا یہ تعویذ لکھ کر انار کے درخت کی شاخ سے باندھ دیں تو جب ہوا سے ہلے گا تو محبوب بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔

۷۸۶

قل	ہو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ہو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفواً
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفواً	احد

میاں بیوی کے درمیان صُلح ہو

اِن دونوں نقشوں میں سے ایک نقش نیک ساعت میں زعفران سے
گلاب میں حل کر کے لکھیں ۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

۷۸۶

۸	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۲	۵	۴	۸

اور ان کے نیچے مطلوب اور اس کی ماں نیز طالب اور اس کے باپ کا
نام بھی تعویذ کی پشت پر یحبونھم کحب اللّٰہ والذین اشد حب اللّٰہ
اور یہ تعویذ بیوی کے بازو پر بندھوا دیں تو میاں بیوی کی ناراضگی فوراً دُور ہو جائے
گی اور ان کے درمیان مستحکم صُلح و محبت ہو جائے گی ۔ انشاء اللّٰہ تعالٰے

عمل برائے تسخیرِ محبوب

یحبونہم کحب اللّٰہ والذین اٰمنوا اشد حبا اللّٰہ بین الناس حب الشہوات
من النساء والنبیین والطفطیر المقطر من الذہب والفضۃ والخیل
الموسومہ والانعام والحرث اذالک متاع الحیوٰۃ الدنیا واللّٰہ عندہٗ حسن المآب ۔

نماز پابندی سے پڑھیں اور بروز جمعہ بعد غسل و وضو، پاکیزہ لباس پہن کر اور کپڑوں کو عطر و گلاب لگا کر تنہا اور مقام خلوت پر ہرنی کی کھال بچھا کر گیارہ بار درود شریف اور اس کے بعد آیات متذکرہ مذکورہ بالا ایک ہزار ایک بار پڑھیں کھال بالکل تازہ ہونی چاہیئے۔ پہلے استعمال نہ ہوئی ہو، محبوب کا تصور دائم رکھیں اور ہر روز مقررہ جگہ ہی وظیفہ پڑھا کریں۔ چالیس روز تک پڑھتے رہیں اور آخر میں بھی گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر خود ہی حلوہ تیار کر کے اس پر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں تو وہ محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔ عجیب و غریب اور نہایت آسان عمل ہے اور مجرب اور کارآمد تعویذ ہے۔

عمل برائے حُب

درود شریف گیارہ بار اسم اللہ ۶۸۷ مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پس یہ پانی جس کو پلا دیا جائیگا۔ محبت میں گرفتار ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

عملیات تسخیر خاص و عام

برائے تسخیر عام:۔ جلالی اور جمالی ترک حیوانات کریں۔ روٹی اپنے ہاتھ ہی کی پکی ہوئی کھائیں۔ چمڑے کے ڈول کا پانی نہ پئیں۔ گوشت نہ کھائیں۔ کسی جاندار بلکہ جوں بھی نہ ماریں۔ اپنا۔ اپنا کوئی کام دوسرے آدمی سے نہ کرائیں۔ اور "یا مؤخر" چالیس روز کے اندر سوا لاکھ پڑھیں۔ نیت زکواۃ کی ہو، جب چالیس روز گزر جائیں تو پھر ہر روز صرف ایک سو بار پڑھا کریں، تو ہر شخص عزت کرے گا۔ اور خاص و

عام کے دل مُسخر ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مؤکل حاضر

اللہ الصمد احب یا اسرافیل یا دردائیل" یہ کلام پاک وصاف جگہ خلوت میں بیٹھ کر ہم لاکھ ۸۰ ہزار مرتبہ پڑھے۔ یہ تعداد خواہ کتنی ہی مدت میں پڑھے۔ مثلاً ایک چلّے (۴۰ دن) میں۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ ہر روز ایک ہی تعداد میں پڑھے۔ مثلاً پہلے دن جتنا پڑھیں آئندہ بھی ہر روز اتنی ہی تعداد میں پڑھیں۔

جس طرف نظر ہو وہی مطیع ہو جائے

درود شریف ایک سو بار پڑھ کر اللہ الصمد چھ ہزار تین سو بار پڑھیں اور پھر درُود شریف ایک سو بار پڑھیں اور زکاۃ کی نیت کریں۔ لباس جسم پاک اور مکان بھی خلوت میں پاک وصاف جگہ مقرر ہو۔ اسے تبدیل نہ کریں۔ یہ تعداد پوری کر لینے کے بعد ہر روز ۱۶۱ بار پڑھیں۔ پھر عمل پر قبضہ ہو جائے گا اور جس طرف نظر بھر کر دیکھے گا۔ وہی تابع اور مطیع ہو گا۔ انشاء اللہ۔

مردانِ غیب سے مُلاقات ہو

پاک لباس پہن کر اور پاکیزہ جگہ بیٹھ کر اسمِ پاک "اللہ الصمد" ہر روز ۱۶۱ بار پڑھے اور دل میں رجال الغیب کا خیال رکھے۔ پڑھتے وقت فولادی چھری اپنے سامنے زمین میں گاڑھے۔ چالیس روز تک پڑھتا رہے تو رجال الغیب سے ملاقات

ہو گی اور اِن سے جو مدد طلب کی جائے گی، وہ ملے گی۔ مگر حُسنِ اعتقاد لازم ہے

ہر شخص حُکم کا بندہ بن جائے

اسمِ پاک "اللہُ الصمد" سوا لاکھ بار چالیس دن میں پڑھے اور اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ نیّت زکوٰۃ کی کرے۔

ترک حیوانات جمالی اور جلالی بھی ضروری ہے۔ اس کا ثواب تمام نبیوں کو بخش دینا چاہیئے۔ پھر اسی طرح چالیس روز تک اسی تعداد میں پڑھ کر اس کا ثواب تمام فرشتوں کو بخش دیں۔ اسی قدر اسم پڑھ کر ثواب حضرت رسول کریمؐ کی رُوحِ پاک کو دیں۔ اب چوتھے چلّے کا وظیفہ نذرِ خدا پاک کرے اور اس وقت چالیس یا کم و بیش غریبوں کو کھانا کھلائے۔ مگر ان کی نیت حلال ہو۔ زکوٰۃ ہو گی۔ اب اسمِ پاک مذکور ہر روز ۱۶۱ بار پڑھا کریں۔ متواتر پڑھتیں اور ناغہ بالکل نہ کریں۔ پس عمل پر قبضہ ہو گا۔ یعنی جس کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھے گا وہ مطیع ہو گا اور ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ نافرمانی ہرگز نہیں کرے گا۔ انشاء اللہ۔

یاد رہے زکوٰۃ چالیس روز سے کم عرصہ میں بھی ادا ہو سکتی ہے۔ ضرورت ہے کہ تعداد زکوٰۃ پوری کی جائے۔ ایک دو ہفتہ بلکہ تین چار روز میں بھی تعداد پوری ہو سکتی ہے۔

درندے تک فرمانبردار بن جائیں

مندرجہ ذیل آیات ہر روز چالیس بار پڑھیں اور اس کا ورد ہمیشہ رکھیں۔ اوّل

آخر سات بار درود شریف پڑھیں تو انسانوں کے علاوہ چرند پرند بلکہ درندے بھی فرمانبردار بن جائیں گے۔ طہارت جسم و لباس نیک نیتی اور اعتقاد بزرگان دین اور خدا پر بھروسہ رکھنا اگر یہ شرائط پوری کی جائے گی تو عمل میں ضرور کامیاب ہوگا۔ انشاء اللہ۔ ان اللہ علیٰ کل شیئٍ قدیر" خدا تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اور وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ مگر جو کچھ اس کی مرضی ہو ایمان۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ و یغفر لکم ذنوبکم واللہ غفور الرحیم ط

حاکم مہربان ہو

یا عشاء العظمہ اللہ یا سلطان یا صوحا یا لیا سا یا سطور بہ، یہ کلام نیک ساعت میں مُشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ پس ہر شخص عزت کرے گا۔ حاکم مہربان ہوگا۔ رزق میں برکت ہوگی، بگڑے کام بن جائیں اور ہر ضرورت پوری ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ تسخیر خلق کی بے نظیر عظمت ہے۔

تمام مخلوقات مطیع ہو

اول سات بار درود شریف پڑھیں اور پھر سورۃ یٰسین شروع کریں۔ مگر جب لفظ "مبین" پر پہنچیں تو پھر سورہ یٰسین شروع کردیں۔ اسی طرح جب دوسرے مبین پر پہنچیں تو پھر بھی سورۃ شروع سے پڑھیں۔ اسی طرح تیسرے مبین پر پہنچ جانے کے بعد بھی ضرور شروع سے پڑھیں۔ اسی طرح سات مبین پر پہنچ کر شروع سے آغاز کریں۔ ابتداء اور آخر درود شریف پڑھیں۔ یہی وظیفہ طریق مذکورہ

گیارہ روز تک پڑھیں۔ مقررہ وقت اور مقررہ مکان میں پڑھنا چاہیئے۔ مناسب ہو کہ رات کے وقت خلوت میں پڑھیں، پس گیارہ دن میں عمل مکمل ہو جائیگا۔ پھر روزانہ ورد رکھیں۔ تو کل مخلوقات مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی۔ حیوان و انسان جن اور پری حکموں کی تعمیل کریں۔ الغرض دُنیا تسخیر ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

دریا فرمانبرداری کرے

اول اسم "اللہ الصمد" کی زکوٰۃ ادا کریں یعنی جسم و لباس پاک کر کے خلوت اندر بیٹھیں اور سو بار درود شریف پڑھیں۔ پھر چھ ہزار تین سو بار "اللہ الصمد" اور پھر ایک سو بار درود شریف پڑھیں۔ اسی طرح سے متواتر بلا ناغہ بیس روز تک پڑھیں۔ پس زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اور عمل قبضے میں آ جائے گا۔

اب مٹی کا ایک خشک ڈھیلا لیکر اس پر "اللہ الصمد" ستر بار پڑھ کر دریا میں پھینک دے تو دریا خشک ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر دریا خشک ہو تو یہ اسم اکیس۲۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ دریا جاری ہو جائے گا۔

ہر جگہ پہنچ جائے

اسم "اللہ الصمد" کی زکوٰۃ دینے کے بعد زمین پر ایک حصار یعنی دائرہ بنائیں اور اسم مبارک "اللہ الصمد" پڑھ کر دم کریں۔ تو زمین سکڑ جائے اور اس طرح ایک عامل ایک ساعت میں ہزاروں کوس پہنچ جائے۔

ایک ساعت میں ہزاروں کوس کا فاصلہ طے ہو

اول اسم " اللہ الصمد " کی زکوٰۃ ادا کرے جیسا کہ بیان کر چکے ہیں پھر

یہ تعویذ لکھ کر اپنی ران سے باندھیں تو بہت تھوڑی دیر میں ہزاروں کوس کا فاصلہ طے ہو جائے گا اور تکان بالکل نہیں ہوگی خشکی اور تری تسخیر ہو جائیگی سمندروں اور پہاڑوں پر حکومت ہو گی ۔ انشاء اللہ

۱	۱۱	[illegible]	۸
۱۳	۷	۲	۱۵
۶	۹	۱۲	۳
۲۰	۴	۵	۱۰

عمل تسخیر عام

اتوار کے دن سورج نکلتے ہی یا جب آفتاب برج شرف میں ہو تو نیک ساعت میں یہ تعویذ ہرن یا شتر کی کھال پر لکھیں۔ تعویذ یہ ہے۔
" ا ا ع د ہ س ص ط غ ک ل م و ہ لا " اور اپنی انگشتری کے نگینے کے نیچے رکھ لیں اور انگوٹھی بدستور پہنیں۔ جو دیکھے گا مطیع ہو گا۔ اور ہر مخلوق کا دل مسخر ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالےٰ

ہر دلعزیز ہو

" سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ٥ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ ٥ سَلَامٌ عَلىٰ

ا مامین و سلام علی نوح فی العالمین ہ سلامٌ علیٰ موسیٰ وھارونؑ ہ سلامٌ علیٰ
ابراھیمؑ ہ سلامٌ ھی مطلع الفجر ہ سلام علیک فادخلوھا خالدین ہ

یہ آیات ہر روز بلا ناغہ ایک سو بار پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف گیارہ
بار پڑھیں اور ہمیشہ پڑھتے رہا کریں۔ پس لوگوں کی نظروں میں عزیز ہوں گے بلکہ
ہر مخلوق مطیع ہوگی۔ تسخیر کا عمل بے نظیر عمل ہے ؛

برائے تسخیر اعلےٰ

اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر سورۃ مزمل کی تلاوت کریں اور
جب الفاظ الی ربہ سبیلا پر پہنچیں تو قُل ھُوَ اللہ احد یا حنان اللہ
الصمد یا منان لم یلد یا کریم و لم یولد یا رحیم و لم یکن لہٗ کفواً احد یا عزیز
۱۲۸ بار پڑھیں اور آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھ کر اپنے جسم پر پھونکیں۔ یہ عمل
تسخیر کے واسطے بے نظیر اور لاجواب ہے۔

تسخیر مخلوق

یہ ایسی ساعت میں لکھیں جب سورج زہر شرف کی حالت میں ہو اور تانبے کی
لوح پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھیں اور اس
وقت خوشبو جلائیں علاوہ ازیں تختی کی دوسری طرف
خطوط نائیل یا موکیلائیل لکھیں یہ عمل تسخیر مخلوق کے
لئے بے نظیر و بے عدیل ہے اور تجربہ المجرب ہے۔

۸۵	۹۲	۹۸	۲۰۴	۱۷۹
۱۹۹	۲۰۰	۱۰۸	۱۸۶	۱۹۳
۱۸۱	۱۸۴	۱۹۴	۱۹۵	۲۰۶
۱۹۰	۱۹۶	۲۰۲	۱۸۲	۱۸۸
۲۰۳	۱۸۳	۱۹۴	۱۹۱	۱۹۷

مخلوق مسخر ہو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ

یاخنان	۲۶۹۶	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یاسنان	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یادیان	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۲
یابرہان	حلیقاً	طلیقاً	یلیقاً

غسل و وضو کر کے اور پاکیزہ لباس پہن کر یہ تعویذ نیک ساعت میں لکھیں اور اسے لوبان کی دھونی دیں۔ بعدازاں اپنے بازو پہ باندھ لیں پس تمام مخلوق عزت کرے گی اور دل مسخر ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ

برائے تسخیر بے نظیر

یہ تعویذ نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ناپاکی کے وقت علیحدہ کر دیا کریں۔ پس سب عزت کریں گے اور تمام انسانوں کا دل مسخر ہو جائے گا۔

۷۸۶

۳۹۶	۴۱۱	۴۰۸	۴۰۳
۴۰۹	۴۰۳	۳۹۷	۴۱۰
۴۰۱	۴۰۶	۴۱۳	۳۹۸
۴۱۲	۳۹۹	۴۰۰	۴۰۷

ظالم حاکم کی تسخیر

لاالہ الاھوالحی القیوم یا الہ الاولین ہر کہ مارا بد گوید بدزبانش بند شود حضرت علیہم عسا موسیٰ بر سنگ راوازہ حضرت زکریا، بر تن او وکرم حضرت ایوب در دہن

او ر مہر حضرت سلیمانؑ بر زباں او۔ در جال الغیب بر جان او۔ و مہر خدا بر آن مقہور سجق یا بدوح یا بدوح یا بدوح۔ واللہ المستعان علی ما تصفون یا اللہ سات بار پڑھیں اور اوّل آخر سات سات بار درود شریف بھی پڑھ کر اپنے بدن پر پھونکیں تو ظالم حاکم دل مسخر ہو۔ اگر اس کے پاس جائیں وہ عزت اور احترام میں بے حد مبالغہ کرے اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

خلق مسخر ہو!

سُبحَانَ رَبِّکَ رَبِّ العِزّتِ عمّا یَصِفُونَ وسلٰمٌ علی المُرسَلِینَ الحمدُ للہِ رَبِّ العَالمِینَ کے اعداد نکال کر انہیں سولہ پر تقسیم کریں اور یہ اعداد اس تعویذ میں بلائیں تعویذ تانبے کی تختی پر بنائیں تو خاص و عام مسخر ہونگے۔ ہر آدمی عزت کریگا بخور خوشبودار جلائیں۔

۳۱۹۹	۳۲۰۹	۳۲۰۹	۳۲۰۶
۳۲۱۰	۳۲۰۵	۳۲۰۰	۳۲۱۱
۳۲۰۴	۳۲۰۷	۳۲۱۴	۳۲۰۱
۳۲۱۳	۳۲۰۲	۳۲۰۳	۳۲۰۸

حیوانات مطیع ہوں

سَلامٌ قولاً مِن رّبِّ الرحِیمِ سے لیکر ایھا المجرمون تک جب نیا چاند نکلے تو روز شنبہ یہ آیت زکوٰۃ کی نیّت سے سوا لاکھ بار پڑھیں۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی ضروری ہے۔ اکتالیس روز برابر یہ پڑھتے جائیں۔ ایک مقررہ جگہ اور مقررہ وقت پہ پڑھیں۔ لباس بھی ایک ہی ہونا چاہیئے پس یہ عمل کی

زکواۃ ہوئی۔ اول و آخر میں درود شریف ضرور پڑھیں۔

اب ہر روز ایک سو بار پڑھا کریں تو حیوان و انسان تابع و مطیع ہو جائیں گے۔ سات بار پڑھ کر ظالم و جابر حاکم پر پھونک دینے سے اس کا دل نرم ہو جائے گا اور وہ تمہاری مرضی کے مطابق کام کر دے گا۔ اس عمل کا عامل جنگل سے بے کھٹکے گزر سکتا ہے۔ شیر، چیتا، ریچھ اور درندے وغیرہ اسے بالکل تکلیف نہ دے سکیں گے۔ بلکہ اطاعت قبول کریں گے۔ مجرب المجرب ہے

برائے تسخیر حکام جابرہ

پاک وصاف ہو کر پاکیزہ لباس پہن کر عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ روزہ رکھیں پھر شام کو نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہنیں اور خوشبو لگا کر روزہ کھولیں اور پھر علیحدہ مکان ہو ہوا کر خوشبو دار دھونی جلائیں۔ اور تین رکابیوں میں کھیر اتاریں اور ان میں ایک رکابی عمل کے نام نامزد کریں اور یا حیی یا قیوم یا علی یا ولی یا غنی بارہ سو بار پڑھ کر رکابیوں پر دم کریں۔ بعد ازاں پہلی اور دوسری رکابی مسجد میں بھیج دیں اور تیسری حضرت فاطمہ کے نام کی کنواری لڑکیوں کو کھلا دیں۔ ترک حیوانات ضروری ہے یہ عمل کی زکواۃ ہوئی۔ اس طرح عمل پر کامل قبضہ ہو جائے گا۔ اور عامل کہیں خطا نہیں کھائے گا۔

یہ عمل عموماً ایک ہی دن میں ہوتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو دوسرے روز عمل کر لیں لیکن کھیر بے دودھ کی پکانی چاہیئے۔ اُس دن روزہ بھی رکھیں۔ باقی عمل بدستور مذکورہ کریں اور ضرورت ہو تو تیسرے روز بھی کریں۔ اگر روزہ نہ رکھیں تو پھر کھیر پکانے کی بھی ضرورت نہیں۔ اگر کام ابھی نہ ہو تو متواتر بارہ روز تک کرتے رہیں۔

حتیٰ کہ کام ہو جائے۔ مگر کھیر اور روزے کی ضرورت نہیں۔ نہ کراۃ پوری ہو جانے کے بعد تیرھویں روز کچھ مٹھائی بطور نیاز فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں اور اب ہر روز سو بار پڑھا کریں۔ کبھی ناغہ نہ کریں۔ بس عمل قبضے میں رہے گا۔

فوائد (۱) ایک بار پڑھ کر جس پہ پھونکیں فرمانبردار ہو جائے۔ خاص و عام اور حکام تسخیر ہوں (۳) ہر قسم کی حاجت اور مراد بر آئے گی۔ قیدی قید سے رہا ہو (۵) غضبناک حاکم مہربان ہو (۶) ظالم ظلم سے باز آئے (۷) کاروبار میں بیحد برکت ہو (۸) ملازمت پہ بحال ہو (۹) ہر مراد بر آئے۔

تمام مخلوق مسخر ہو

اوّل تین بار درود شریف پڑھو اور اس کے بعد تین بار آیات ذیل قل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم اور رب۔ لیس کمثلہ شیئ وھو السمیع العلیم ط تین بار درود شریف پانچ بار بعد نمازِ عشاء پڑھا کریں۔ مخلوق مطیع و فرمانبردار ہو گی۔ بے حد عزت کرے گی۔ وقت مقررہ پہ وظیفہ پڑھے اور وقت مقرر کر کے تین بار یعنی عشاء کے علاوہ عصر اور مغرب کو بھی پڑھے تو مراد حاصل ہو گی۔

برائے تسخیر بے نظیر

جب قمر برج شرف میں ہو تو عروج ماہ میں یہ تعویذ مشک و زعفران سے ہر روز ۲۱ بار لکھیں اور پیر کے دن سے شروع کریں اور ہر روز دریا میں ڈال

دیا کریں۔ جاتے اور آتے وقت
پیچھے پھر کر نہ دیکھیں۔ راستے میں
کسی سے بات چیت نہ کریں اور
واپسی میں اسی جگہ بیٹھ کر ایک سو بار
یا بدوح پڑھیں۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

ب	د	و	ح
۹	۶	۳۰	۲۰
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

لکھنے سے پہلے درود شریف سات بار پڑھیں چالیس دن میں زکوٰۃ پوری ہو گی۔ بس اب عمل قبضے میں ہے۔

بعد زکوٰۃ تعویذ ہذا کے داہنے شانے کی ہڈی پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ناپاکی کی [illegible] جسم سے جدا کر دیا کریں۔ تسخیر کے واسطے بے نظیر ہے، جتنی بار آزمایا پورا اترا۔ آپ کی مراد بھی حاصل ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاضرات

گمشدہ چیز کا سراغ لگانا

جب کوئی چیز کھو جائے اور اس کا حال معلوم کرنا چاہیں تو یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلائیں اور تعویذ روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی روشن کریں۔ اب کسی خورد سال لڑکے یا لڑکی کو جس کی عمر ۷ یا ۱۰ سال ہو اور خوبصورت ہو، چراغ کے

۱۲	۲۵	۲۲	۱۹
۱۳	۱۸	۱۳	۲۴
۱۷	۱۰	۲۷	۱۴
۲۶	۱۵	۱۶	۲۱

سامنے بٹھائیں اور ہدایت کریں کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف غور سے دیکھتا رہے۔
پس جب اسے کوئی غیر معمولی چیز نظر آئے تو اس سے گمشدہ چیز کے متعلق سوالات
کریں اور جن لوگوں پر اُڑا لے جانے کا شبہ ہو اُن کا نام لیں۔ پس وہ چیز کا درست
پتہ بتائے گا۔ اسی طریق سے اور ہر قسم کے سوالات دریافت کر سکتے ہیں۔ یعنی جب
لڑکے یا لڑکی کو غیر معمولی شکلیں نظر آئیں تو اس سے اپنے مطلب کے سوالات کریں۔
وہ صحیح جواب دے گا اور مطلب پورا ہو جائے گا۔

ہر سوال کا جواب ملے

اول دس سالہ حسین لڑکے یا لڑکی کے داہنے ہاتھ کے ناخن پر کاجل لگائیں
اور خشک ہو جانے کے بعد اس کے اُوپر تیل
لگائیں اور یہ تعویذ لکھیں اور لڑکے کو انگوٹھے
اور اس کے قریب کی اُنگلی سے تعویذ پکڑائیں اور

۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰

لڑکے کو ہدایت کریں کہ وہ سیاہی لگا ہوا ناخن غور سے دیکھتا رہے۔ پس جب سیاہی یا
کچھ نظر آئے تو اس سے سوالات کر کے جواب حاصل کرے۔

جن و آسیب کو جلا ڈالنا

جس مکان میں جن یا آسیب ہو اور وہ مکان کے رہنے والوں کو تکلیف دیتا
ہو تو جب وہ نظر آئے تو "لا الٰہ الا ھو الحی القیوم" اور اس کے بعد آیت الکرسی پڑھنا
شروع کر دیں
جائیے شاید جن بھی ساتھ ہی پڑھے، پس گھبرا نہ جائیں۔ پس جن یا آسیب جل کر خاک ہو جائے گا۔

جادُو کا اثر دُور ہو۔ سفید چینی کی رکابی لے کر اس پر اِذا جاءَ نصرُ اللّٰہ والفتح قریب لکھے اور اسے دھو کر اس مریض کو پلائے جس پر جادُو ہونے کا شبہ یا آسیب کا جن مُسلّط ہو۔ آٹھ روز تک یہی عمل کریں۔ پس جادُو جن اور آسیب بھاگ جائیگا۔

حاضرات

اگر کوئی چیز گُم ہو جائے یا کوئی اور ضروری بات معلوم کرنی ہو تو رات کو سوتے وقت سورہ "والشّمس" سات بار۔ سورہ "واللیل" سات بار "قُل ھواللّٰہ" سات بار پڑھیں۔ بستر پر لیٹے لیٹے پڑھنا چاہیئے۔ جسم، لباس اور بستر پاک ہو۔ خوشبو بھی لگالیں۔ سرہانہ شمالی طرف اور مُنہ قبلہ کی طرف اور اسی حالت میں سو جائیں۔ پس خواب میں سوالات کا جواب باصواب ملے گا۔ اگر پہلے روز مطلب پُورا نہ ہو تو اگلے روز کریں۔ مراد بر آئے گی۔

سوال کا جواب ملے

باوضو ہو کر پاکیزہ بستر پر لیٹ جائے اور "یا بدوح یا بدوح" پڑھتا پڑھتا سو جائے۔ اور سونے سے پہلے اپنی ضرور بات کا اظہار کر کے دعا مانگے تو سوال کا جواب ملے گا۔ انشاء اللہ تعالٰے۔

دلی مُراد پُوری ہو

بعد ادائگی نماز عشاء باوضو پاکیزہ، خوشبو دار لباس پہن کر بستر پر لیٹ

جائے اور عشاء کے وقت ہی بعد نماز یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر کھلا ہوا اپنے تکیے کے نیچے رکھ کر سو جائیں تو دلی مراد پوری ہو گی۔ خواب میں سوال کا صحیح صحیح جواب ملے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ق	ا	ا	ل
ل	ل	ع	ا
ه	ا	د	یہ
و	ه	ا	ص

عمل عجیب

"لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین" جب کسی کے سر جن یا آسیب آئے اور بہت تنگ کرے تو یہ آیت کریمہ مٹی کے چراغ پر ایک ہزار بار پڑھیں اور اوّل آخر درود شریف سات سات بار پڑھا کریں۔ مریض یا مریضہ کو قریب بٹھائیں۔ پس جن یا آسیب چراغ میں جا کر جل جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

جن دور ہو

۷۸۶

۴	۵	۹	۱۶
۳	۶	۵	۱۰
۲	۷	۱۲	۱۱
۱	۸	۱۳	۱۴

یہ نقش شب جمعہ کو گلاب میں مشک حل کر کے لکھیں اور اس پر "یا قہار یا جبار" ہزار بار پڑھ کر پھونکیں۔ بعد ازاں اس کا فتیلہ بنا کر جلا دیں تو جن دفعہ ہو گا۔ بلکہ جل جائے گا۔

گمشدہ چیز مل جائے

سورۃ والشمس سات بار سورۃ واللیل، سورۃ اخلاص پڑھ کر سو جائیں اور

دعا مانگیں یا اللہ گمشدہ چیز کا پتہ بتلا اور جس نے چیز چرائی ہے اس چور کا نام و نشان بتا۔ پس خواب میں صحیح صحیح جواب مل جائے گا۔ انشاء اللہ

آسیب دُور ہو

جمعرات کی رات کو کڑوے تیل پر یا "قہار" "یا جبّار" ایک ہزار ایک بار پڑھیں اور پھر وہ تیل چراغ میں ڈال کر اسے جلائیں۔ چراغ مٹی کا بنا ہوا ہونا چاہیئے اور بتی بھی نئی سوئی کی ہو۔ پس چراغ روشن کریں اور مریض یا مریضہ کو قریب بٹھائیں تو جن یا آسیب جو کچھ بھی ہوگا جل جائے گا۔ نہایت مفید اور عجیب ہے۔ جس نے کبھی خطا نہیں کی اور ہر بار کامیاب ثابت ہوا۔ بڑا قیمتی عمل ہے۔

جنّ جاتا ہے

آیۃ الکرسی سات بار قل ھو اللہ پانچ بار، الحمد للہ شریف سات بار پڑھ کر اس مریض یا مریضہ پر دم کر دے جس کے سر جنّ آتا ہو یا آسیب کا خلل ہو دور دفع ہو جائے گا اور پھر کبھی نظر نہ آئے گا۔ بلکہ جل جائے گا۔

عمل عجیب

لی خمسۃ اطفی بھا حرالو با الھتماد المصطفٰے او المرتضٰے و بنھاد الفاطمۃ
پاکیزہ کاغذ پر لکھ کر نیک ساعت میں اپنے تکیئے کے نیچے رکھ کر سو جائیں اور اپنا سوال بھی ظاہر کریں۔ پس خواب میں سوال کا جواب ملے گا۔ انشاء اللہ اگر چاہے

روز کامیابی نہ ہو تو اگلے روز نہ یہی عمل کریں۔ مراد بر آئے گی۔

مقصود مل جائے

اذا جاء نصر اللہ والفتح قریب" سات بار سورہ الحمد سات بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ مگر یہ عمل رات کو بعد نماز عشا کریں اور اپنا مقصد زبان پر لائیں تو خواب میں سوال کا جواب ملے گا۔

کامیابی ہو گی

(سورہ اخلاص) قل ھو اللہ شریف ایک ہزار ایک بار پڑھ کر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ لباس، جسم اور بستر پاکیزہ ہونا چاہیئے۔ بعد نماز عشاء پڑھیں اور پڑھ کر سو جائیں تو خواب میں سوال کا جواب ملے گا۔ اور کامیابی کی تدابیر بھی بتائی جائے گی۔ بفضل تعالیٰ مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔ آپ بھی ضرور اس سے کام لیں۔

دوسرا حصّہ

غیر مسلموں کے جادو اثر

جنتر، منتر، تنتر

یہ علم تنتر ودیا بہت قدیم ہے۔ اور گپت ودیا ہے۔ ان کے اندر اتنی زبردست طاقت ہے کہ آدمی دیکھ کر حیران رہ جاتا ہے۔ سنسکرت زبان اس فن کی بڑی بڑی کتابیں آج بھی موجود ہیں۔ اگرچہ دشمنوں نے بہت سی فناہ بھی کر دیں تاہم رشیوں کی یادگاریں اور ان کے سینے کے راز اب بھی قلمی کتابوں میں موجود ہیں۔ تنتر ودیا نہایت آسان ہے اور اس کے سیکھنے کے ذریعہ دلی مراد نہایت آسانی سے حاصل ہو جاتی ہے۔ غیر کو اپنا بنانا اور مطلوب و محبوب کو تابع کر لینا۔ استری یعنی عورت کو قابو میں لانا اس کے ذریعہ بہت آسان ہے۔ ورنہ لوگوں کو بڑے عمل کرنے پڑتے تھے۔ جنگلوں کی خاک چھاننا اور خوفناک درندوں میں جا کر منتر پڑھنا نہ صرف مشکل تھا بلکہ اس میں جان کا خطرہ بھی تھا۔ سنسکرت کی پرانی کتابوں میں لکھا ہے کہ سری مہادیو جی مہاراج اس کے اول موجد ہیں اور وہ بڑے عامل بھی تھے۔ ان کے بعد دتاتریہ نے لوگوں کو یہ ودیا سکھائی۔ ہم ذیل میں بہت سی سنسکرت کی کتابوں سے کارآمد منتر ذیل میں ترجمہ کر کے ناظرین کی نظر کرتے ہیں۔ امید ہے کہ ان کی مدد حاصل کی جائے گی اور ان سے عملی رنگ میں فائدہ اُٹھایا جائے گا۔ یہ نہایت قیمتی ہیں جو ہم اپنے پیارے ناظرین کی خاطر ظاہر کر رہے ہیں

تنتر کرتے وقت اعتقاد درست رکھنا چاہیئے۔ شردھا بڑی کارآمد شے ہے اس کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ ناظرین کا نیک نیت ہونا بھی نہایت ضروری ہے۔ نیت پاک رکھنی چاہیئے۔ کسی کو نقصان پہنچانے کی نیت ہرگز نہ کریں۔

تسخیرِ حُسن کے عجیب و غریب تنتر

سفید پھول والے ڈھاک کے بیج اور پھول لیں اور چھال بھی حاصل کریں اور ان کا باریک سفوف بنالیں۔ پس جو کوئی اسے کھائے گا۔ اس میں بیحد روحانی طاقت آجائے گی۔ اس کا باطن صاف اور سینہ فراخ ہو جائے گا۔ اسے غیبی حالات معلوم ہونے لگیں گے۔ قوتِ حافظہ اور عقل بڑھے گی۔ ایک بڑا عجیب فائدہ یہ ہے کہ جس عورت سے ہم بستر ہوگا، اس کا مزاج مثل جوان عورت ہو جائے گا عجیب الاثر اور نہایت کارآمد ہے۔ آپ بھی اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے۔

محبوب مطیع ہو جائے

جس کسی سے محبت ہو اور وہ کسی طرح قابو میں نہ آئے تو اس کے ناخن حاصل کریں اور پھر ان کو جلا کر راکھ بنالیں اور یہ راکھ کسی مٹھائی یا کھانے میں ملا کر مطلوب کو کھلائیں۔ پس وہ دوست بن جائے گا اور محبت کرے گا۔ کارآمد اور مجرب ہے

بے پناہ قوتِ مردانگی بس اگر کتے کا عضوِ خاص یعنی عضوِ تناسل سکھا کر ران پر باندھیں تو قوتِ مردانگی بے پناہ اور امساک بے نظیر ہو۔ حتیٰ کہ عورت عاشق ہو جائے

پھر اور مرد کی طرف رغبت نہ کرے۔

عورت فریفتہ ہو جائے

اگر خرگوش مادہ کا خون اور کالی بلی کا خون باہم آمیز کر کے کسی عورت کے اوپر ڈال دیں یا اس کے جسم سے لگا دیں تو وہ عورت تمہاری نیت میں دیوانی ہو جائے گی اور تمہیں دیکھے بغیر چین نہ لے گی اور تم اسے جو حکم دو گے وہ اس کی تعمیل آنکھیں بند کر کے کرے گی۔

بے پناہ قوتِ باہ

اگر بھیڑیے کا عضوِ تناسل حاصل کر کے اور اسے بھون کر کھایا جائے تو بے پناہ مردانہ طاقت ہو۔ حتیٰ کہ عورت فریفتہ ہو جائے۔

عورت پر غلبہ پائیے

اگر بھیڑیے کے عضوِ خاص کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو عورتوں پر قبضہ ہوگا۔

بے نظیر مردانہ طاقت

گیدڑ کی بائیں آنکھ نکال لو اور اس کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھو تو بے پناہ قوتِ باہ پیدا ہوگی۔ حتیٰ کہ عورت لذت سے مدہوش ہو جائے گی۔

زبان دراز عورت مطیع ہو

ہرن کی زبان لاکر سائے میں سکھا لیں اور پھر کسی طرح زبان دراز عورت کو کھلائیں تو وہ فرمانبردار اور جان نثار ہو جائے اور اس کی زبان درازی کافور ہو جائے۔ بے نظیر منتر ہے۔

ہر دلعزیز ہو

کچھ نچھتر میں ہرن کی سیدھی آنکھ لاکر اسے انگوٹھی میں نگینے کے نیچے جڑ دالیں اور یہ انگوٹھی پہن لیں تو ہر خاص و عام عزت کریں۔ سب پر رعب ہو اور مردانہ طاقت بڑھ جائے۔

عورت قابو میں ہو

ہرن کی بائیں آنکھ کا تعویذ بنا کر بازو پر باندھیں تو عورتوں میں ہر دلعزیز ہو اور ان پر غالب رہے اور کبھی قابو سے باہر نہ ہوں۔ بے نظیر ہے۔ آپ اس کی قدر کیجئے اور فائدہ اٹھائیے۔

دوسرا مرد فادر نہ ہو

عورت کے وہ بال حاصل کریں جو کنگھی کرتے وقت ٹوٹ جایا کرتے ہیں انہیں جلا کر اور شہد میں ملا کر سرخ کر (حشفہ) پر طلاء کریں اور پھر عورت سے جماع کریں تو فریقین کو بے حد لذت آئے۔ خصوصاً عورت کو مارے لذت کے مدہوش ہو جائے اور دوسرے مرد کے قابو میں نہ آئے اور کوئی مرد اسے قابو میں نہ کر سکے۔ بڑا قیمتی منتر ہے۔

عورت غلام بن جائے

اگر مغز سر مردم انسانی قارورہ میں ملا کر مرد یا عورت کو کھلایا جائے تو وہ عمر بھر کے لیے مطیع، فرمانبردار بلکہ غلام بن جائے۔ اگر یہی دوائی کھلائی نہ جا سکے تو مطلوب کے اوپر ڈال دیں۔ اس کا بھی یہی اثر اور فائدہ ہوگا اور وہ شخص قابو میں آ جائے گا۔

عورت عاشق ہو جائے

اپنے دونوں پاؤں کا اُترا ہوا میل عورت کو کھلا دو مگر اسے خبر نہ ہونے پائے تو وہ عورت مرد پر فریفتہ ہو جائے۔

عشق جاتا رہے

زہر اژدھا کا حاصل کر کے ہرن کی کھال میں لپیٹیں اور عاشق کے بازو پر باندھ دیں۔ پس اس کا عشق جنون عشق کافور ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

جنگل میں روزی

تھوڑی سی ایارج فیقرا لیکر اس پر چراغ رکھ کر جلاؤ۔ اس روشنی سے بہت سے جانور تمہاری طرف آئیں گے۔ پس انہیں شکار کر کے کھاؤ۔ اکثر سادھو جب جنگل میں کھانا نہیں ملتا تو اس طریق سے روزی حاصل کرتے ہیں۔

دشمن دوستی میں بدل جائے

جس گھر یا جس جماعت میں نا اتفاقی اور فتنہ فساد برپا ہو وہاں جا کر اچار بیخ الفقر کا ایک ٹکڑا جلا دو کہ ان لوگوں کو خبر نہ ہونے پائے پس جب دھواں ان کے دماغوں میں پہنچے گا تو ان کا اختلاف دُور ہو جائے گا اور باہم صُلح کر لیں گے اور ان کی دُشمنی دوستی میں بدل جائے گی۔ نہایت عجیب و غریب منتر ہے۔

حالات غیب معلوم ہوں

اُلو کی آنکھ چاندی میں منڈھوا کر منہ میں رکھیں تو غیب کی باتیں معلوم ہوں گی۔ عورت مرد کی جھوٹی سچی محبت کا امتحان ہو سکے گا۔

دوست بن جائے

اُلو کی آنکھ چاندی میں حل کر کے جس مرد یا عورت کو سنگھائیں وہ دوست اور مطیع بن جائے۔

خاوند مطیع ہو

اگر بیوی اپنے خاوند کو اُلو کا گوشت کھلاتی رہے تو رفتہ رفتہ اس کی عقل میں فتور آئے گا اور پھر وہ آخر کار بیوی کا فرمانبردار ہو جائے۔ مجرب ہے۔

مرد دیگر قادر نہ ہو

سرِ ذکر بگلے کے خون میں تر کر کے عورت کے ساتھ جماع کریں تو اس عورت پر دوسرا

مرد قابو نہ پلٹے۔ خون کی جگہ پاخانہ بھی کارآمد ہے۔

جادو بیکار ہو جائے

جو آدمی کالی بلی کا تھوڑا سا گوشت کھائے تو اس پر جادو کبھی اثر نہ کرے اور نہ اسے نظر لگے۔

ہر مراد حاصل ہو

گھریلو بلی کی آنکھ خشک کر کے جلائیں اور دھونی لیں تو تمام حاجتیں پوری ہوں اور دل کی مرادیں بر آئیں

خاص عام میں ہر دلعزیز ہو

کینر کی جڑ بیج اور پتے خشک کر کے کتان کی تھیلی میں بھر کر اس کا منہ ریشمی دھاگے سے بند کریں اور یہ اکسیر اپنی جیب میں رکھیں تو خاص و عام میں ہر دلعزیزی حاصل ہو۔ سب عزت کریں۔ ہر شخص محبت کرے حاجات بر آئے۔ جب تک جیب میں رہے ہر طاقت قائم رہے۔ فکر غم اور وحشت دور ہو۔

ہیبت طاری ہو

بندر کے پیشاب میں خونِ مردم ملا کر پلائیں پس اب جو آدمی تمہاری طرف دیکھے گا اس پر رعب چھا جائے گا۔ اور اس کے دل میں خوف پیدا ہو جائے گا۔

طلسم محبّت

ایک ماشہ گندھک۔ اور ایک ماشہ بندر کا خون گرم گرم گندھک پگھلا کر خون میں

ملادیں اور سرد کر کے اپنے پاس رکھیں۔ ایسے مرد کو جو عورت دیکھے گی وہ اس پر عاشق ہو گی اور اس سے اپنی مراد حاصل کرنے کی خواہش اور درخواست کرے گی۔

محبوب مطیع ہو جائے

بھنگرے کی جڑ نیک ساعت میں لائیں اور پان میں رکھ کر مطلوب محبوب کو کھلائیں اور محبت کی نیت کریں تو محبوب فرمانبردار اور عاشق زار بن جائے۔

محبت پیدا ہو جائے

بہی کے پتے دو ماشہ، نسیم کے پتے دو ماشے لیکر اور خشک کر کے جن کے نام پہ دھونی دی جائے اس کو غائبانہ محبت ہو جائے عجیب و غریب منتر ہے اور بارہا آزمودہ جو کبھی غلط نہیں گیا۔

مرد دیگر قادر نہ ہو

بھیڑیئے کا پتا حاصل کر کے ذکر پر ملیں اور اس کے بعد عورت سے قربت کریں۔ تو وہ عورت عاشق ہو جائے اور دوسرے مرد کو منہ نہ لگائے اور کوئی اس پہ قادر نہ ہو۔ مجرب الخواص ہے اور نہایت قیمتی منتر ہے۔

دیگر طلسم محبت

مرد بھیڑیے کا پتا منہ پر لگا کر عورت کے سامنے جائے تو عورت اس پر فریفتہ ہو جائے۔ عجیب طلسم محبت ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

مُراد بر آئے

رتل اور سینخہ کا تیل نکال کر تیل نکال کر سیدھی بھوؤں پر ملیں تو ہر قسم حاجتیں پوری، دلی مقصد بر آئے اور اگر مطلوب ومحبوب کی خواہش ہو تو وہ حاضر اور مطیع ہو۔

بیحد محبت ہو

تیز پات اور انگور کی بیل جڑ بارہ رتی، عناب کے پتے ۱۲ رتی لیکر محبوب کے نام پر یکجا کرو اور اس کو کھانے میں ملا کر دو تو اسے بیحد محبت بلکہ عشق پیدا ہو جائیگا۔

معشوق مطیع و فریفتہ ہو

تیز پات ۷ رتی لیکر مطلوب ومحبوب کو کھلا دیں تو وہ مطیع و فریفتہ ہو جائے مُجرب ہے اور نہایت کارآمد اور اسرار سینہ ہے جو ایک سنیاسی سے ہمیں پہنچا ہے۔ قابل قدر ہے۔

محبت کا تنتر

چقندر کے خشک پتے، عقر قرحا یا اس کے پتے چھ چھ رتی مطلوب کے نام کے ساتھ کھانے میں ملا کر اسے کھلا دیں تو تمہارے ساتھ اسے بیحد محبت ہو جائیگی۔

نفرت کی بجائے محبت ہو

چنڈول کا تیل نکال کر اس کا طلاء ذکر پر ملو اور اس کے بعد عورت سے مجامعت

کرو۔ پس اگر عورت کو نفرت بھی ہو گی۔ تو اسے تمہاری بیحد محبت ہو جائے گی اور پھر کبھی نفرت ظاہر نہ کرے گی۔ مجرب دکار آمد ہے۔ ایسی چیزیں ہزاروں روپیہ خرچ کرنے سے بھی نہیں ملتیں، بے نظیر چیز ہے۔

کبھی بڑھاپا نہ آئے

مغز خرگوش چارہ جو کے برابر لے کر دو تولہ تین ماشہ چھ رتی گائے کے دودھ میں ملا کر پی لیں۔ ہمیشہ جوان رہیں گے۔ کبھی بڑھاپا نہ آئے گا۔

سب محبت کریں

مغز خرگوش چھ ماشہ پگھلا کر اس میں سے چارہ جو بھر لیں اور اس میں برابر کافور ملا کر کھائیں۔ پس جو مرد یا عورت تمہیں دیکھے گا تمہاری عزت کرے گا۔ نیز تم سے محبت کرے اور اگر عورت دیکھے گی تو فریفتہ ہو کر طالب وصال ہو گی بڑا قیمتی اور کار آمد ہے۔ آپ بھی اس سے فائدہ حاصل کیجئے۔ اور اس کی قدر کیجئے۔

عورت اپنا راز بتائے

جس کسی عورت پر کسی بات کا شبہ ہو تو اس کے سوتے وقت تکیے کے نیچے خرگوش کی چربی رکھ دیں۔ پس وہ عورت سوتے سوتے ہی اپنے دل کا راز بیان کرے گی اور تم اس کے حالات سے واقف ہو جاؤ گے۔

حاکم عزت اور مطلب براری کرے

ڈھینگ (ایک جانور) کی داہنی آنکھ نکال کر اور چاندی کے تعویذ میں رکھ کر بید مشک بازو پر باندھیں اور الٹی آنکھ کی رطوبت منہ پر ملیں اور اب حاکم کے پاس جا کر اپنی حاجتیں بیان کریں۔ پس وہ حاجات پوری کر دے گا اور عزت کے ساتھ پیش آئے گا۔ بڑا آمد ہے۔

مردانہ قوت کا طوفان

سقنقور (ایک جانور) کا گوشت پکا کر اس کا شوربہ پئیں۔ تو مردانہ قوت بیحد بڑھ جائے گی۔ اس قدر بڑھے کہ اس کا بیان تہذیب کے خلاف ہے۔

عورت فریفتہ ہو

مِنگ ... برام (ایک پتھر کا نام ہے) لے کر اپنے پاس رکھیں اور کسی عورت کو دکھائیں [illegible] وہ فریفتہ ہو گی۔ یہ بھی لکھا ہے کہ ہر حیوان کی مادہ سنگ برام دیکھتے ہی [illegible] طالب جماع ہو جاتی ہے۔

ہر دلعزیز محبوب ہو

سوسن کے پتے پیس کر اور شہد میں ملا کر کسی شیشی میں رکھیں وہ شیشی جَوؤں کے ڈھیر میں دفن کر دیں۔ شیشی کے اندر کیڑے پیدا ہو جائیں گے۔ اور ان کا رنگ سفید

اور سر سیاہ ہوگا۔ پس یہ کبوتر اپنے پاس رکھو تو مخلوق میں ہر دلعزیزی حاصل کرو۔ محبوب ہر دلعزیز ہو۔

رُعب ہو

شبیر کی دونوں آنکھوں کے درمیان کی چربی گل روغن میں حل کر کے منہ پر ملیں۔ پس جو دیکھے گا اس پر ہیبت چھا جائے گی اور بڑا رُعب پڑے گا

باہم عشق ہو جائے

ناطانیفی اگر دو شخص باہم پئیں۔ تو ان کے درمیان محبت اور عشق پیدا ہو جائے۔ اس کی دوسری قسم کے دانے مٹر کے برابر ہوتے ہیں اور یہ بھی عشق پیدا کرتے ہیں۔

دیگر:۔ جس میں عشق پیدا کرنا چاہیں تو اس کا اور اس کی ماں کا فصد کر کے ناطانیفی میں ملا کر پینے سے محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

عورت دل کا راز بتائے

قنطارہ پرندہ کا سر لا کر خشک کریں اور پھر کتان کے نئے کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر سوتے ہیں عورت کی ران پر باندھ دیں تو وہ سوتے ہی میں اپنے دل کی باتیں بیان کرنے گی اور جو کچھ دن میں کیا ہوگا۔ سب کچھ کہہ دے گی۔

استخارہ

جس کسی کی کوئی حاجت ہو اور یہ دیکھنا ہو کہ فلاں کام کامیابی ہوگی یا ناکامی تو اسے چاہیئے کہ کاہ پھلی کے درخت کی لکڑی کو کندر کی دھونی دے کر ریشم کے کپڑے میں لپیٹیں اور چاند کی چودھویں تاریخ کو مذکور کو بچھونے کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ اور اپنی حاجت کے لیے استخارہ کریں تو اسے خواب میں کامیابی اور ناکامی کی وجوہ کا فیصلہ ہو سکتا ہے۔ یہ استخارہ نہایت کارآمد ہے۔

طلسم امساک

جب کُتی کتا جفتی کر رہے ہوں اور ابھی جُدا نہ ہوئے ہوں تو فوراً کُتے کی دُم تیز چھُری سے کاٹ لیں اور زمین میں دفن کر دیں اور چالیس روز کے بعد نکالیں۔ گوشت وغیرہ جل کر صاف ہڈی رہ جائے گی۔ اسے محفوظ رکھیں یہی کارآمد ہے۔ یہ ہڈی بوقتِ ضرورت تالہ کے ذریعہ کر سے باندھیں اور مجامعت میں مصروف ہوں۔ بیحد امساک اور لذت ہوگی اور جماع سے کچھ تکلیف نہ ہوگی۔

مسخر ہو جائے

کماس اور صندل سُرخ پیس کر بدن پر ملیں۔ پس جو شخص یہ خوشبو اپنے بدن پر ملے گا۔ وہ دوست بن جائے گا۔ اور اس کا دل مسخر ہو جائے گا۔ (مجرب)

عاشق ہو جائے

کلونجی بارہ رتی۔ بلسان چھ رتی۔ لہسن کی چھال چھ رتی جس آدمی کے کھانے میں ملائیں اس کے دل میں بیحد محبت پیدا ہو گی۔

ایضاً

چاند کی چودھویں رات سرطان جلا کر اس پہ چاند کے نام پڑھو اور یہ چیز اپنے پاس رکھو۔ پس یہ شے جس کے پاس ہو گی اس سے ہر شخص محبت کرے گا اور اسے دیکھے بغیر چین نہیں آئے گا۔

حاجت پوری ہو

گدھ کا سیدھا بازو لے کر ایک ہانڈی کے اندر اس قدر پکائیں کہ گل جائے۔ بعد ازاں اسے ایک غار پر لے جائیں اور ہانڈی اُلٹی کر کے وہاں سے چلے آئیں اور اس کی بُو سے محفوظ رہیں اور ایسے وقت اس کے پاس پہنچیں جب بدبُو رفع ہو جائے۔ اب اس میں سے دو بڑی ہڈیاں اُٹھا لیں اور ان کو پانی میں ڈالیں تو ان میں سے ایک پانی کے اُوپر تیرے گی اور دوسری ڈوب جائے گی۔ ان کی شناخت کر لیں۔ جس شخص سے حاجت برآری کرنی ہو اس سے دونوں مونڈھوں کے درمیان بیٹھ جانے والی ہڈی لگا دیں۔ پس وہ آپ کا کام ضرور کر دے گا۔

ہر دلعزیز اور بارعب ہو

گدھ کو بھیڑیے کی کھال میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں تو سب کی نظروں میں وقار ہو۔ سب آدمیوں کے دلوں میں ہیبت چھا جائے۔ ہر دلعزیز ہو جائے۔ اہلِ دولت حاجت پوری کریں۔ جس کسی کے پاس یہ گدھ ہو اس پر کوئی درندہ حملہ نہ کر سکے۔

مطلوب حاضر ہو

انار کے پھول لا کر انہیں خشک کر کے سلگائیں اور اُن کا دھواں گھر میں پھیلنے دیں۔ اور اس وقت اپنے مطلوب کا نام لیں اور خیال کریں کہ وہ آ رہا ہے اور وہ بیقرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔

عورت محفوظ ہو جائے

اگر گھوڑے کا مغز، خنزیر اور بلی کا خون ملا کر کسی عورت کو کھلا دیا جائے تو اس سے کوئی مرد صحبت نہ کر سکے گا۔

درندے محبت کریں

گیدڑ مار کر اس کا دل نکال کر بازو پر باندھ لیں۔ پس درندے نہیں ستائیں گے۔ قابلِ قدر منتر ہے۔

سبھا موہنی منتر

کیسر، منسل، گھوچن اور پترج۔ ان چیزوں کو پانی میں پیس کر ماتھے پر تلک لگائیں۔ جب جس کے پاس جائیں گے اور جس کی طرف رُخ کریں گے وہی بس میں ہو جائے گا۔ اور بڑے اخلاق و محبت سے پیش آئے گا۔ اسی طرح سُنا ہے کہ پنڈت مدن موہن مالوی جی یہی تلک لگاتے تھے اور لوگ اسی واسطے موہت ہو جاتے تھے۔

موہنی بھسم

مکھن کی بیٹ ہوا کھدرت چوپائے — دونوں کو بانٹے ان کی لکڑی بنا دے
موس میں راکھے ان کو پھونکے بھائی — کاڑھے بور کھ بنج انگ میں لائی
چڑھے بور روپ کو انوپ ہوئے بھائی — اس شک کچھ بھی نہیں بھائی

راج کل موہنی

نیلی کملی، گوگل اور آتنا سا اگر منگا کر اس کی اپنے تمام بدن کو دھونی دیں اور اسکے بعد راج دربار میں جائیں تو شاہی خاندان دیکھتے ہی موہت ہو جائے اور وہ بالکل عامل کے قابو اور بس میں آجائے۔

موہنی تلک

تلی کے بیج، بھدپوی کے رس میں پیس کر اتوار کے دن تلک لگائیں تو

ناری بس میں ہو۔ اس میں شک نہیں آزمودہ ہے۔

دیگر

بادام پانچ عدد اور سفید چرا امٹی (رتی) اس میں پیس کر اس کا تلک ماتھے پر لگائیں۔ تو استری پرش بس میں ہو جائے۔ آزمودہ ہے۔ کبھی خطا نہ کرے۔

موہنی رس

نوچندی جمعرات کے دن صبح کو آفتاب نکلنے کے بعد آدھ گھنٹے تک سنگ مقناطیس اصلی پتھر پر گھس لیں اور عرق گلاب ڈالتے جائیں۔ پس یہ گھسی ہوئی چیز ایک شیشی میں بھر لو اور یہ دو آفتاب کی ساعت کے وقت اپنی آنکھوں میں لگا کر مطلوب کے پاس جاؤ۔ پس وہ نظر ملاتے ہی بے چین اور فریفتہ ہو جائے گا اور زندگی بھر مطیع رہے گا۔ اگر پہلے روز کامیابی نہ ہو تو کئی روز تک متواتر یہی عمل کریں تو ضرور مراد پوری ہو گی۔ یاد رہے کہ یہ عمل ایسے آدمی پر کرنا چاہیئے جو تھوڑا بہت واقف ہو۔ اور عمل کے وقت اس کا تصور کرنا چاہیئے۔ اگر یہ شرط پوری ہوں تو سنگدل محبوب بھی قابو میں آجائے۔ کارآمد اور مجرب ہے۔

موہنی راکھ

جب نیا چاند نظر آئے تو اس کے بعد جو پہلا منگل آئے اس دن اپنے بیسوں ناخن تراشو۔ پھر اس سے اگلا منگل چھوڑ کر تیسرے منگل کو پھر اپنے ناخن

تراشو۔ ان دونوں بار کے ناخن حفاظت سے رکھ چھوڑو اور اگلے چاند کے پہلے منگل کو جلا کر لوبان اور گوگل کی دھونی پانچ بار دو۔ بعدازاں سوا پاؤ مٹھائی بچوں کو تقسیم کر دو اور راکھ حفاظت سے رکھو۔ جب کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو راکھ کسی کھانے میں ملا کر مطلوب کو کھلا دو۔ پس اس کے دل میں بے حد محبت پیدا ہو جائے گی۔ مطلوب کے سامنے چلے جاؤ اور اس سے خود کوئی بات ہرگز نہ کرو۔ مگر وہ اس کے باوجود اٹھ کر آپ کے پیچھے چل دے گا اور جو حکم دے گا اس کی تعمیل کرے گا۔

وشی کرن منتر

نوچندی منگل کی رات کسی تنہا جگہ بیٹھیں۔ دریا، نہر یا تالاب کے کنارے بیٹھنا زیادہ اچھا ہے۔ اس مقام پر کسی قسم کا شور وغل نہیں ہونا چاہیے بلکہ تنہائی ہو اور یہ منتر پڑھیں۔ **منتر**:۔ اوم ہر ینگ۔ کرینگ پر استری سیم سیانگ، چنتر، سہے، سواہا۔ سو بار پڑھیں اور مقررہ وقت اور چالیس روز تک متواتر پڑھیں اور مسان میں ناغہ ہرگز نہ کریں۔ منتر پڑھنے سے پہلے پیالہ میں پانی بھر کر اپنے پاس رکھ لیں اور پانی انگلی سے ہلاتے رہیں۔ جوں جوں پانی ہلے گا۔ توں توں مطلوب معشوق کا دل دھڑکنے لگے گا۔ اور اس کے دل میں تمہاری محبت پیدا ہو گی۔ منتر پڑھنے کے دوران ہر منگل کو تھوڑی سی مٹھائی بچوں میں تقسیم کر دیا کریں۔ عمل ختم ہو جانے کے بعد وہ پانی مطلوب محبوبہ کو پلائیں تو وہ عمر بھر کے واسطے مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

وشی کرن منتر

یہ منتر رات کو دس بجے سے لے کر دو بجے تک متواتر پڑھے مگر آنکھیں بند کر کے منتر:- ادم نمو کھیا جہاموسنی پھٹ سواہا اور درمیان میں جہاں نقطے دیئے گئے ہیں۔ معشوقہ کا نام لیں اور محبوب کا تصوّر ضرور کریں گویا سامنے ہے بلکہ یہ سمجھیں کہ آنکھوں کے اندر موجود ہے تصوّر نہایت ضروری ہے اماوس کی شدی پندرہ دن تک جب نیا چاند نظر نہ آئے یہ منتر ۱۰۸ بار ہر روز پڑھتے رہیں۔ اول تو پہلے دن ہی معشوقہ حاضر ہوگی۔ ورنہ تیسرے چوتھے روز ضرور ہی دلی مُراد پوری ہو جائے گی۔

وشی کرن

سنیچر یا جمعرات کی رات کو بالکل برہنہ ہو کر آسمان کی طرف دیکھے اور جس وقت کوئی تارا ٹوٹتا ہوا نظر آئے تو فوراً زمین سے مٹی اُٹھا کر اپنی مٹھی میں بند کر لو۔ پھر کپڑے پہن کر وہاں سے اپنے گھر چلے جاؤ اور مٹی والے ہاتھ پر خوب کپڑا لپیٹ کر سو جاؤ۔ علی الصبح اُٹھ کر مٹی میں سے چار پانچ کنکریں نکالو اور کسی کنوئیں یا تالاب پہ جا کر وہ کنکر کسی گھڑے میں نظر جما کر پھینک مارو اس کا اثر یہ ہوگا کہ پانی کا گھڑا فوراً ٹوٹ جائے گا اور عورت گھڑے کے ٹکڑے چھوڑ کر چلی جائے گی۔ تم اس جگہ بیٹھ جاؤ۔ جہاں شام کو گائے بھینس وغیرہ مویشی گزرتے ہوں۔ رستے پہ بیٹھ کر گھڑے کے ٹکڑوں پر نظر رکھیں اور جس وقت

کوئی گوالا گائے یا بھینس پر چڑھا نظر آئے تو فوراً اس کے قریب جا کر اس کے سر کی ٹوپی اتار لیں اور وہاں سے چل دینا۔ چلتے وقت گھڑے کا منہ توڑ دو۔ اس کا اثر یہ ہوگا کہ وہ لڑکا یعنی گوالا بھی تمہارے پیچھے آئے گا تم اُسے گالیاں بھی دوگے تو بھی وہ واپس نہ جائے گا۔ مگر تم اس کی ٹوپی نہ دو اگر وہ شکایت کرے کہ مجھے کیوں تنگ کرتے ہو تو اس سے کہو کہ فلاں آدمی کو یہاں لاؤ۔ پس وہ لڑکا جا کر بلا لائے گا۔ جب تمہارا مطلب آجائے تو پھر گوالے کی ٹوپی واپس کر دو۔ اگر اس کے سر پہ ٹوپی نہ ہو تو اس کی انگوٹھی اتار لو کارآمد اور مفید چیز ہے۔

معشوق بے اختیار چلا آئے

ایک کالا کوا پکڑ کر اور اس کا سر توڑ کر اس کا مغز نکال لو اور مغز کی بجائے سر میں مٹی بھر دو مگر مٹی اس جگہ سے اٹھاؤ جہاں کوئی عورت بیٹھی ہو اب کوئے کی تھوڑی بیٹ لے کر اس میں جو کے سات دانے ملا کر کوے کے سر میں بھر دو اور کوے کا سر تمدار زمین میں گاڑ دو۔ کچھ دن بعد وہ جو اگ آئینگے۔ پس جب وہ جو چار انگل اونچے ہو جائیں تب انہیں ہاتھ سے مل کر ان کا لیپ اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں پر کر لو اور اس عورت کے سامنے چلے جاؤ مگر منہ سے کچھ نہ بولو۔ پس وہ عورت تمہارے پیچھے آئے گی۔ اور اسے آپ کے بغیر چین نہیں پڑے گا۔ مجرب ہے۔

معشوق قربان ہو جائے

اتوار کے دن پکھ نچھتر میں مرغی کا ایک انڈا لاؤ۔ مگر تازہ ہونا چاہیئے اور اس کے اندر ایک سوراخ کے راستے سفید رطوبت نکالو۔ بعد ازاں اس میں اپنی جھزات بھر دو۔ اس کا منہ بند کر کے گھوڑے کی لید میں دبا دو اور اکیس روز بعد نکال کر انڈے کا چھلکا اُتار کر پھینک دو اور اندر کی چیز (زردی وغیرہ) خشک کر کے چھوٹی سی شیشی میں حفاظت سے رکھ چھوڑو۔ بوقت ضرورت اسی میں سے ذرا سی دوا لے کر کھانے وغیرہ میں جس کو کھلا دوگے وہ تابع اور فرمانبردار ہو جائے گا اور اپنا سب کچھ تم پر قربان کر دیگا اور تمہارے بغیر ایک منٹ نہیں رہ سکے گا۔

دیگر وشی کرن

نوچندی جمعرات کو شمشان بھومی کی بھسم لاؤ اور اس میں لعاب بیہدانہ۔ نمک خاکستر اکلیل الملک اور اپنی جھزات ملاؤ۔ اس مرکب دوائیں سے جس کسی کو ایک آدھ ماشہ کھلاؤ گے۔ وہ عمر بھر کے واسطے مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی۔

لبھی کرن تنتر

تگر، کٹھ، ہڑتال اور کیسر ان سب کو برابر وزن لے کر اتار میکا کے خون سے پیس کر اس کا تلک ماتھے پر لگائیں اور تلک لگا کر جہاں خواہش ہو جائے

پس جو دیکھے گا وہ بس میں ہو جائے گا۔

وشی کرن دھونی

مینڈھا سینگی، پیچ، رال، خس، چندن اور چھوٹی الائچی۔ یہ سب دوائیں برابر لے کر کوٹ چھان لیں۔ بعد ازاں کوئی پہننے کا کپڑا رکھ کر اسے دھونی دیں تو ناری بس میں ہو۔ عورتوں کے معاملہ میں بہت فائدہ ہو۔

وشی کرن تنتر

ندی کے کنارے سے جھاؤ کی جڑ منگائیں اور جب پشتی نچھتر ہو تو اس میں کوڑے کی چھال ملائیں۔ بعد ازاں برابر کی شمشان کی راکھ ملا کر جس کسی کے اوپر ڈالیں وہ فوراً ہی قابو میں آ جائے اور بس میں ہو۔

وشی کرن

اُلو ماس ڈھونڈ کے لائے   اس میں بکرا ماس ملائے

جل سنگ رتی بھر سے کھائے   جو دیکھے سو داس ہو جائے

۱۰۸ بار پڑھ کر سرمہ پر پھونکیں اور سرمہ خود لگائے پھر جس پر نظر ڈالے وہ موہت ہو جائے گا۔

وشی کرن تلک

انسانی کھوپری لا کر اس میں دھتورے کے بیج رکھیں۔ اس میں شہد اور

کافور ملا کر پیسیں اور تلک لگائیں تو چاہے نر ہو یا مادی جو بھی دیکھے فوراً بس میں ہو جائے۔ یہ وشسٹ جی کا بتایا ہوا منتر ہے۔ بڑا انوکھا اور مفید ہے۔ یہ جادو تعریف کا محتاج نہیں ہے۔ واقعی کارآمد چیز ہے۔ آزمائش کریں اور فائدہ اُٹھائیں۔

وشی کرن

چتا کی بھسم، کنٹھ، بیج، تگرا اور کنکر کو باہم جلا کر پیس لیں۔ عورت کے سر پر اور مرد کے پاؤں تلے ڈالیں تو جب تک زندہ رہے گی باندی غلام بنی رہے گی۔

وشی کرن انجن

تگر کنٹھ تالیس ملائیے — تب بتی سے پلیس لگائیے
سرسوں تیل دیئے میں ڈالیں — اوت وار لیشبو منہ کھولے
آدھی رات اماوس نہارے — مینخ کھوپڑی اور جل اتا ریئے
رنچک انجن نین جب دیکھے — من جو بھاوے یار سول بس کیجیئے

طلسم تسخیر

یہ طلسم علم جفر کا کرشمہ ہے۔ جب زہرہ اور مشتری کو نظر تثلیث پر ہو تو تانبے کی تختی پر یہ نقش کندہ کرائیں اور اس تختی کا چراغ بنوائیں۔ جب نیا چاند نظر آئے تو روز و ساعت نیک میں طالب و مطلوب کے نام کے حروف الفاظ کے باہم جمع کریں پھر اس مجموعہ میں سے تفریق کر دیں اب باقی کے حروف بنا کر آخر میں

۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵
۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵
۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵
۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵	۲۳۶۵

لفظ آئیل ملادیں۔ اس سے مؤکل کا نام بن جائے گا۔ اس کے مجبو نہم کحب اللہِ وَالَّذِینَ آمنوا اشد حبا للہ بعد ملائے ہوئے حروف کے کلمے کو نو پر تقسیم کرے۔ اب یہ فتیلہ چراغ مذکورہ میں رکھ کر اس میں گھی اور شہد ڈالے اور اس کے سامنے بیٹھ کر مطلوب کا نام جلائے۔ ایک ہزار باراں اور متواتر ۲۱ روز یہ عمل کرے اور ہر روز زہرہ کا بخور جلاتا رہے۔ پس مراد پوری ہوگی۔ تسخیر کے لیے بے نظیر چیز ہے۔ علمائے جفر نے لکھا ہے کہ اس سے انسان بھی تسخیر ہو سکتا ہے اور حیوان بھی اور اگر مطلوب فولادی تاروں کے اندر بھی قید ہو تو نکل کر طالب کے پاس حاضر ہوگا۔ عجیب وغریب اور کارآمد مجرب ہے۔

موہنی کرن

سینچر (ہفتہ) کے روز شمشان بھسم اور کوے کی زبان لیں بعد ازاں اپنے بیسوں ناخن کاٹ کر زبان اور ناخن جلا کر بھسم میں ملا لو اس کے بعد اپنی معشوقہ کے پاؤں کی مٹی اور چوراہے کی خاک لائیں اور مذکورہ مرکب میں ملا کر کسی شیشی کے اندر رکھ لیں۔ یہ دوا اور اسی جس استری کے اوپر ڈالی جائے گی وہ موہت اور بس میں ہو گی۔

وشی کرن

گدھ کی آنکھیں، الو کی آنکھیں، الو سیاہ رنگ کا ہونا چاہیے۔ روغن میں گھسیں پھر یہ گھسا ہوا تیل نکھ نچھتر میں مٹی کے نئے دیئے میں ڈال کر اور نئی

روئی کی بتی بنا کر جلائیں اور اس کا جل یعنی سیاہی اتار لیں اور یہ سیاہی کسی عمدہ شیشی میں بھر کر حفاظت سے رکھیں بڑی کارآمد چیز ہے۔ جب ضرورت ہو تو تھوڑا سا کاجل کاجل اپنی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔ پس جس مرد یا عورت کو نگاہ بھر کر دیکھیں گے وہ بس میں ہو جائے گا۔ اگر آدمی یہ کاجل ہمیشہ لگائے تو تمام آدمیوں میں ہر دلعزیز ہو۔ وہ آدمی عزت سے پیش آئیں۔

وشی کرن

پکھو نچھتر میں طوطے کا گوشت۔ بھنورے کے دونوں پر آدمی کے کان کا میل، چھوٹی انگلی کے برابر والی اپنی انگلی کا خون ان سب چیزوں کو ملا کر دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ پس یہ گولی جس عورت کو کھلائیں گے وہ فریفتہ ہو جائے گی۔ آزمودہ ہے۔

وشی کرن تنتر

ہڑتال ایک حصہ، زعفران ایک حصہ کو باہم خوب پیس کر گولیاں بنالیں اور جب کسی کو موہت اور اپنا فریفتہ کرنا ہو تو ایک گولی جلا کر اس کا دھواں پہنچاؤ وہ قابو ہو جائے گا۔

دیگر

پلو گھر مول، تگر کاک جنگلا، سفید سیاہ بھنورے کے دونوں پر اور بال ان چیزوں کو باہم ملا کر باریک پیس لیں۔ یہ تھوڑی سی دوا جس عورت کے بدن پر ملی جائے گی۔ وہ آپ کی محبت میں مبتلا اور فریفتہ ہو جائے گی۔

کالا جادُو

اتوار کے دن نیم کے پتے ڈھائی عدد اور گھوگھو پرندے کی زبان باہم پیس کر اس کا سُرمہ بنالو اور بوقت ضرورت اسے اپنی آنکھوں میں لگاؤ۔ پس سُرمہ لگی ہوئی آنکھوں سے جس مرد عورت کی طرف دیکھا جائے وہ فریفتہ ہو جائیگی۔

وشی کرن منتر

مندرجہ ذیل منتر ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھو۔ تقریباً ایک مہینے میں سُدھ ہو جائے گا۔ یعنی جس عورت یا پرش کی طرف نظر بھر کر دیکھو گے وہ قابو میں ہو جائے گا۔

منتر:۔ اوم نمو کام دیوا سہل سہے سنگور شان نمے دھن من درشن انک کنک کرو۔ دکھ ہر وکم۔ تیاں۔ سواہا۔

دیگر وشی کرن تلک

پُٹھ کنڈے کی جڑ، پہلا گائے کے دودھ میں گھس کر تلک لگاؤ۔ پس یہ تلک لگا کر جس آدمی کے سامنے جائیں گے وہ موہت ہو جائے گا اور ہر آدمی عزت کرے گا تلک لگانے والے کا رُعب سب پر ہو گا۔

دیگر

پورنماشی کے دن پکھ نچھتر میں برطھ کی جڑ پانی میں گھس کر اس کا تلک یعنی ٹکہ اپنے ماتھے پر لگاؤ تو جس کے سامنے جاؤ گے وہ تعظیم اور عزت و محبت کرے گا اور جس

استری کی نظر تلک پر پڑے گی وہ موہت ہو جائے گی۔

دیگر:۔ اتوار کی آدھی رات کو بالکل برہنہ ہو کر گھر کے جھینے میں چوراہے کی مٹی لائیں اور وہ مٹی آنکول کے تیل میں حل کر کے اس کا تلک ماتھے پر لگائیں تو جو استری پرش دیکھے گا موہت اور بس میں ہو جائے گا۔ خاص کر استری بس میں ہو جائے گی۔

وشی کرن

جب پکھ نچھتر اتوار کو پکڑے تو آدمی رات کے وقت تن تنہا مرگھٹ میں جائیں جو مردہ جل رہا ہو اس کی کھوپڑی کے اندر سیاہ دھتورے کے بیج ڈال دیں یا جڑ ڈالیں اور شمشان میں ہی بیٹھا رہے۔ صبح کو کھوپڑی سے جڑ یا بیج نکال کر باریک پیس لیں اور شہد میں ملا کر ان کا تلک ماتھے پر لگائیں۔ پس جو استری پرش دیکھے گا موہت ہو جاوے گا۔ ہر خاص و عام قابو میں آ جاتے ہیں۔

دیگر

میںڈھا سنگی۔ بیج رال۔ صندل، خس اور چھوٹی الائچی ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور ایک شیشی بھر کر حفاظت سے رکھیں۔ جب ضرورت ہو تو تھوڑا سا سفوف لے کر معشوقہ کے پہنے ہوئے کپڑے میں باندھ کر معشوقہ کو اس کا دھواں پہنچائے تو موہت ہو جو دیکھے عزت کرے۔

دیگر وشی کرن طلسم

اتوار کے دن ایک روٹی اپنے ہاتھ سے پکا کر اس کے تین ٹکڑے کریں اور ان

ٹکڑوں پر پہلے اپنا نام لکھیں۔ پھر ماں اور باپ کا نام بعد ازاں لکھے کہ اگر ہماری محبت نہ ہوئی تو مار ڈالوں گا۔ بس وشی کرن ہو۔ معشوقہ موہت اور فریفتہ ہو جائے اور تمام عمر قابو میں رہے۔ راجہ بس میں ہو اور طرح طرح کے فائدے پہنچیں

وشی کرن جنتر

یہ جنتر بھوج پتر پر لکھ کر اس پر اپنا اور معشوقہ کا بھی نام لکھے مقامات جنتر پر جیسا کہ بتایا گیا ہے۔

۹ / ۷		۱۱ / ۴	
نام عاشق	۸	۱	نام معشوق

اور یہ جنتر اپنے پاس رکھے۔ پس معشوقہ کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور وہ عمر بھر کے واسطے قابو میں آجائے گا۔

کالا جادو

کرنکا بوٹی کا عرق گائے کے دودھ میں ملا کر اس کا نشان معشوقہ کے مکان پہ لگائے بس وہ موہت ہو جائے۔ یہ بوٹی جھیل تالاب وغیرہ کے کنارے اُگتی ہے اور اس کی پتیاں سُرخ رنگ کی ہوتی ہیں۔ بڑا کار آمد اور مفید جنتر ہے۔

وشی کرن منتر

یہ منتر منگل کے دن سے پڑھنا شروع کریں اور ہر روز ۷۲ ہزار بار پڑھیں اور ۷۲ دن تک پڑھتے رہیں۔ ناریل کا ہون کریں۔ پس اس ہون کی راکھ کا ٹیکہ ماتھے پر لگائیں۔ بس جس کے سامنے جائیں وہ عزت کرے گا۔ اور محبت سے پیش آئے گا۔ ٹیکہ

دیکھتے ہی عمر بھر کے واسطے مطیع ہو جائے گا۔ بڑا عجیب منتر ہے۔

منتر:۔ نمو سردار، استری سردار، پرکھ رشی کارنی۔ سری ہری سواہا۔

کالا جادو

انسانی کھوپری سے کر آگ میں سُرخ کرے اور اس میں دھتورے کے بیج ڈالے بعد ازاں اس میں شہد اور کافور ملا کر اور پیس کر تلک لگائے پس جو استری یا پرش دیکھے گا وہ فریفتہ اور موہت ہو جائے گا۔

وشی کرن سپاری

جب چاند کو گرہن لگے تب ایک سپاری لے کر یہ منتر اس پر سات بار پڑھے اور اسے کاٹ کر رکھ لے۔ پس یہ سپاری جس استری یا پرش کو کھلائی جائے گی۔ وہ موہت ہو جائے گا۔ **منتر:** اوم نمو اودشی، سپاری کاسنی گاری راجا پرجا کھرٹی پیاری۔ منتر پڑھ لگاؤں تجھ کو ہنیا کلیجہ لائے تو ڑی جیتا جائے پکلتی ہوا سنگ ستاں سودلشیہ نہ ہوئے تو پلٹی ہنو منت کی آن منت۔

دیگر وشی کرن

منتر: جل کی جوگن لے تال کی تار اس سے کہے سات بار جھٹ پٹ سنگین چلے تو چلے ورنہ تجھ جیسی جائی پر سات طلاق، نو چندی جمعرات کو اتوار کے دن بھنگن کی جھاڑو اور ٹوکری پر قبضہ کر لو اور پھر وہ پیپل کے درخت کے نیچے لیجا کر جلا دو۔ اور اب

اس پر اکیس بار منتر پڑھو۔ مگر رات کے بارہ بجے اس پیپل کے قریب بیٹھنا بھی لازمی ہے۔ لڈو کرے اور جھاڑو کی راکھ حفاظت سے رکھو اور جب ضرورت ذرا سی مل دو۔ بس وہ قابو میں ہو جائے گا۔ استری ہو یا پرس [illegible] جائے گا۔

موہنی منتر

موہنی منتر، بھوت پتیا، سربے تال، ارطی کال ناگن، بنت کو جا لاگ جا کے لاگ کہ (فلاں) کو لگ جائے۔ ہماری پریت کی آگ نہ کھڑے سکھ نہ بیٹھے سکھ۔ نہ سوئے سکھ، سندھور چڑھاواں منگوار کبھی نہ چھوٹے ہمارا خیال جب تک ہمارا مکھڑا کایا۔ تڑپ تڑپ کر مر جائے چلو منتر چھوڑ دیا دکھاؤ شدوے اپنا گرد کے علم کا تماشا۔

یہ منتر پور نماشی کی رات کو اپنے آنگن میں بیٹھ کر پڑھنا چاہیئے۔ اپنا منہ اُتر کی طرف رکھیں جگہ بالکل تنہا ہو۔ قریب کسی قسم کا شوروغل نہ ہو یعنی سناٹا ہو۔ دس بجے سے شروع کر کے متواتر دو بجے تک آنکھیں بند کر کے پڑھتا رہے۔ اور اُس وقت معشوقہ کا تصور کرے۔ گویا وہ سامنے موجود ہو اور منتر میں جہاں فلاں لکھا ہے۔ وہاں معشوق کا نام لیں۔ دوسرے لفظوں کی جگہ پھر معشوقہ کا نام لیں معشوقہ کا تصور کامل ہونا چاہیئے کہ تمہیں اس کے سوا اور کچھ سوجھے ہی نہیں۔ منتر پڑھتے وقت آواز متوسط درجہ کی ہونی چاہیئے۔ جس روز منتر پڑھنا شروع ہو تو اُس روز دن میں عمدہ مقوی غذا کھائیں مگر رات کو ہلکی کھیر وغیرہ کھائیں۔ گوشت نہ کھائیں کپڑے سفید اور پاک وصاف اور سیاہ پہننے چاہئیں۔ تمام کپڑے دیسی ساخت

کے ہوں اور کنارے پر کھدر کا انگوچھا ہو۔ نیت پاک رکھنی چاہیئے ورنہ فائدے کی بجائے نقصان ہوگا۔ ہم پھر لکھتے ہیں کہ معشوقہ کا تصور نہایت ضروری ہے اور اسی قدر لازم قوت ارادی ہے۔ یہ عامل کی نہایت ضروری ہے اور اسی مضبوط ہونی چاہیئے۔ اگر تمام باتوں پر پورا پورا عمل ہو تو سنگدل معشوقہ کا دل بھی موم کی مانند نرم ہو جائے گا۔ اور وہ دام محبت میں پھنس جائے گی اور معشوقہ زندگی بھر کے واسطے غلام بے دام بن جائے گی۔

۲۔ نوچند جمعرات کو سیاہ ماش کے دانے سات عدد۔ بڑی الائچی سات عدد لونگ سات عدد اور لوبان دو ماشہ ملائیں اور آٹے کا چومکھا چراغ بنائیں اور اس میں تھوڑا سا گھی ڈال دیں۔ اور سات قسم کے پھول بھی لائیں۔ جب رات کے بارہ بجیں تو یہ تمام چیزیں لے کر گھر سے باہر نکلو اور چوراہے میں جا کر ٹھہر جاؤ اور بالکل برہنہ ہو کر اُتر کی طرف مُنہ کر کے بیٹھو۔

اب اپنے سے سوا بالشت کے فاصلے پر ایک گڑھا کھود دو۔ اوّل چراغ روشن کرو پھر دھوپ جلاؤ۔ بعد ازاں ماش کے سیاہ دانے پر حسب ذیل منتر سات بار پڑھو۔ اس طرح سات دانوں پر ۴۹ بار منتر پڑھو اور انہیں چراغ کے سامنے رکھتے جاؤ۔ اس کے بعد سوا پاؤ حلوے کی سات گولیاں بنا کر ان پر بھی سات بار منتر پڑھیں اور تمام پڑھ لینے کے بعد وہ تمام چیزیں گڑھے میں گاڑ دو اور شہر کی طرف چل دو۔ اور پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھو ورنہ نقصان ہوگا۔ ایک دن میں کامیابی ہو گی۔ لیکن اگر مراد حاصل نہ ہو تو پھر دوسرے یا تیسرے دن عمل کریں۔ معشوقہ بے تاب ہو کر حاضر ہو گی اور

ہر حکم کی تعمیل آنکھ بند کر کے کرنے کی تصور نہایت ضروری ہے۔ ورنہ کچھ حاصل نہ ہو گا۔

منتر: موہنی ماتا بھوت پتا ...... الخ پورا منتر (صفحہ ۱۰۱ پر)

اس سے پہلے موہنی منتر میں بتایا جا چکا ہے۔ پس اسے پورا پورا یعنی آخر تک پڑھیں اور ایشور کی مایا کا تماشا دیکھیں۔ محبت کے لیے بڑا عجیب ہے پریم کا طلسم ہے۔ بے نظیر موہنی منتر ہے۔ آپ بھی اس سے ضرور فائدہ اُٹھایئے مجرب ہے۔

تین چار بجے صبح ایک ایسے جنگل میں جاؤ جہاں آدم زاد موجود نہ ہو اور وہاں پہنچ کر گوگل کی دھونی دو اور چراغ جلاؤ اور چار گلاب کے پھول اپنے پاس رکھو اور ان میں ایک پھول ہاتھ میں لے کر اس پہ منتر ۸۶ بار پڑھ کر دم کرو۔ اس طرح چاروں پھولوں پہ ۱۰۸ بار پڑھ کر پھونک دے کر ایک جگہ گوشے میں جمع کر کے رکھ دو۔ اور معشوقہ کا تصور اس درمیان میں قائم رکھو۔ گویا تمہارے پاس بیٹھی ہے۔ متواتر ۱۴ روز تک بلا ناغہ یہ منتر پڑھو پس معشوقہ موہت ہو گی۔ اور زندگی بھر فرمانبردار رہے گی۔ اگر منتر پڑھتے وقت کوئی غیر معمولی چیز نظر آئے تو ہرگز نہ ڈریں۔ اور گوشت اور پیاز وغیرہ سے پرہیز کریں۔ اور اپنے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا کھائیں۔

منتر: پھول ہنسے پھول لسے جو لیوی پھولوں کی باس وہ آئے ہمارے پاس۔ ہم کو چھوڑ کر کہیں نہ جائے۔ گھر ہمر دیکھے جیسے ہم کو ہیروں پڑے۔ آن گھر بیٹھے سوتے جاگتے رکھے ہمارا دھیان مِیں۔

دیگر:- ہفتے کی رات کو جب ایک گھنٹہ رات گزر جائے تو اکلیل الملک ناخونہ بیس عدد سالم لے کر پانی میں بھگوئیں اور اس وقت کہیں کہ اگلے ہفتہ کی رات تک تمہیں اپنے کام کے واسطے پرورش کرتا ہوں۔ اگلے ہفتہ کی رات کو جاکر ناخونہ کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پہ جلائیے۔ بعد ازاں وہ راکھ شراب یا کسی کھانے کی چیز میں ملا کر معشوقہ مطلوبہ کو کھلاؤ کہ وہ موہت اور تمہاری محبت بے چین ہو جائے گی اور آتش فراق میں جلے گی اور تمہیں ڈھونڈتی پھرے گی۔ وشی کرن کا عجیب وغریب منتر ہے۔ ایک بار اسے ضرور آزما کر عجائبات کا تماشا دیکھیے۔

۱۴۱ وشی کرن

ہُدہُد کی بائیں آنکھ نکال کر اور چاندی کے تعویذ میں بند کر کے بازو پہ باندھو اور ہر وقت بندھا رہنے دو۔ پس اس حالت میں جس کے سامنے جاؤ گے وہ عزت وتعظیم سے پیش آئے گا۔ اور بے حد محبت کرے گا۔ اگر کسی خاص معشوق کا خیال ہو تو تعویذ باندھ کر اس کے سامنے جائیں تو وہ محبت کا اظہار کرے گی اور عمر بھر مطیع وفرمانبردار رہے گی۔

وشی کرن کاجل

اتوار کے دن بلکھ نچھتر میں آک کی جڑ لائیں اور اسے بھیڑ کے تازہ خون میں حل کر کے اور پھر اس میں باریک پسا ہوا سرمہ ملا لو۔ یہ سرمہ لگا کر

جس کے سامنے جاؤ گے اور اس پر نظر ڈالو گے وہ موہت ہو جائے گا۔ تو ناری بس میں ہونگے۔ اگر کسی خاص معشوقہ کا خیال ہوگا تو وہ قابو میں آ جائے گی۔

دیگر:۔ کاک جنگھال بیج گوٹا کو کوٹ میں کر خوب باریک کر کے اس میں اپنی جفرات اور خون ملا لو اور بعد ازاں اس کی گولیاں مسور کے دانے کے برابر بنا لو اور انہیں حفاظت سے رکھ چھوڑو۔ **منتر:۔** ادم سنو بھگی دوارے چامنڈی اسکم یسم ویشیان سواہا ایک گولی پر یہ منتر ۲۱ بار پڑھ کر دم کرو اور گولی پان میں رکھ کر معشوقہ کو کھلا دو وہ موہت ہو جائے گی اور عمر بھر تابع رہیگی۔

(۵) آتما وشی کرن

جب سنیچر کو کوئی ہندو استری مرے تو اس جگہ جہاں اُس کا نہانے کا گھڑا وغیرہ توڑا جائے۔ ایک پاؤ گیہوں کے دانے ملے کر شراب میں ڈالیں اور انہیں تھلیا یا بڑے ٹھیکرے میں رکھیں۔ پھر یہ دانے جنگل میں لے جائیں اور جنگلی اُپلے جلا کر ان گیہوں کی چار روٹیاں پکائیں اور گھر آ کر روٹیاں کپڑے میں لپیٹ کر زمین کے اندر دفن کر دیں۔ رات کو مرنے والی عورت کی آتما تم سے روٹیاں مانگے گی۔ جب وہ زیادہ خوشامد کرے تو اسے آدھی روٹی دو اور باقی فوراً زمین میں گاڑ دو۔ ورنہ وہ چھین کر لے جائیگی۔ آتما تمہیں ڈرائے گی بھی لیکن ڈرنا نہیں چاہیئے اور اسے ٹال دینا چاہیئے۔ حتیٰ کہ وہ چلی جائے گی۔ مگر اگلی رات پھر روٹی مانگے گی۔ بس اسے آدھی دے دو اور اپنے کام کا پکا وعدہ کر لو۔ اور جب وہ پوچھے گی تو کان میں

بتا دے گی۔

وشی کرن منتر

ہنومان چالیسہ ہزار بار پڑھ کر اس کے بعد یہ منتر سو بار پڑھیں اور اسکے بعد اپنی معشوقہ مطلوبہ کے پاس جائیں تو وہ غیر معمولی عزت اور محبت سے پیش آئیگی اور عمر بھر کے لیے مطیع اور فرمانبردار بن جائے گی اور ہر ایک حکم کی تعمیل کرے گی۔

منتر:۔ اوم ہری ہری ہری ہری ۔

دیگر:۔ آک کا دودھ اور مرگھٹ کی راکھ اور اپنی معشوقہ کا نام لے کر کسی چتا میں ڈالو۔ پھر شام کے وقت ۱۰۸ بار منتر پڑھو تو معشوقہ بس میں ہو۔

منتر:۔ بھن ہرن منگل کرن سالک شری بھوان ۔

دیگر: اتوار کے دن تین چمگادڑیں لائیں مگر ان میں ایک نر اور مادہ ہونی چاہئیں۔ چمگادڑوں کو ایک چھوٹی ہانڈی میں بند کر کے اس کا منہ اوپر سے بند کردیں اور پھر غیر آباد جنگل میں لے جا کر چوراہے میں زمین کے اندر گہرا گاڑ دیں اور اس جگہ کے اوپر چومکھیا چراغ جلا کر سات سو بار قل ھو اللہ مع بسم اللہ پڑھو اور اکیس دن تک متواتر یہی عمل کرتے رہو۔ شروع کرنے کے وقت یاد رکھو ہر روز اسی وقت پڑھتے رہو۔ اکیس دن چراغ وہیں جلتا ہوا چھوڑ آؤ۔ مگر چمگادڑوں والی ہانڈی نکال لو اور اسے کھول کر دیکھو دو چمگادڑ یکجا نکلیں گے اور ایک علیحدہ۔ پس جوڑے کو سل بٹے سے پیس ڈالیں اور سکھا کر خشک کر ڈالیں پس یہ خاک معشوقہ کے جسم اور کپڑے پر لگا دو بس میں آجائے گی اور جدائی ایک گھڑی بھی پسند نہیں

کرے گی اور زندگی بھر علیحدہ نہیں ہو گی مجرب ہے۔ چار دن قل پڑھ
کر نہ اپنے منہ پر کر لو۔

دیگر :- اگر کسی سے محبت ہو اور وہ بس میں نہ آئے اس کے گھر کی طرف
جاؤ اور دل ہی دل میں کالو شاہ لال شاہ مان شاہ سبحان شاہ کہتے جاؤ بس
مطیع ہو گی۔ مجرب المجرب ہے۔

(۶) موہنی منتر

منتر: الف گوہ آپ رحمٰن عزرائیل اور شیطان نو لکھ پیران میری
شکل بن فلانے کو جاران۔ جو راندے تو آپ جیسی جائے یہ تو کہہ دے کہنے پر
جو کرے تو آپ ہی جائی پہ اور اس کی جائی پہ ایک طلاق دو طلاق تین طلاق۔ یہ منتر
نوچندی اتوار کی آدھی رات کو برہنہ ہو کر ایک سو آٹھ بار پڑھیں اور ایک
پیالے میں تازہ پانی بھر کر اس پر منتر پھونکتے جائیں اور ہر دفعہ معشوقہ کا تصور
رکھیں۔ منتر پڑھتے وقت پاجامہ گلے میں باندھے۔ منتر ایک مقررہ وقت اور
اُسی جگہ پر پڑھیں۔ کامل ایک ہفتہ تک پس آٹھویں روز معشوقہ بے قرار ہو
کر حاضر ہو جائے گی۔ اور تمام عمر تابع، مطیع اور خدمت گزار رہے گی۔ مگر
نیک نیتی اور پاکبازی اولین شرط ہے۔ اس کے بغیر محرومی ہے۔
منگل کی صبح کو سورج نکلنے سے پہلے ایک ناخونہ لیں اور اسے چھپا کر رکھ
لیں اور پھر دوسرے دن لوہے کے ترشے کے ناخونہ زعفران، گلاب اور مشک میں
تر کر کے اس کو بسم اللہ سات بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر وہ کاغذ آگ پر جلا کر

اس کی خاک حفاظت سے رکھ لیں۔ یہ خاک بوقتِ ضرورت کسی کھانے کی چیز میں ملا کر جس کسی کو کھلائیں۔ وہ مطیع اور فرمانبردار ہو جائے اور تازندگی محبت کرے۔ یہ منتر استری پرش پر سب پر یکساں ہے۔

کالا علم

منتر :- آدیس آدیس۔ تیرے پیا لو آدیس بھبھوت بیما اودھڑی کالی ناگن آدجس۔ کون لاگ آس ناگن تنا کھ سوکھتا ماہر سو کھ۔ ب لاگ آن سمر نہ دیکھے ہمارا مکھ، پھر منتر ایشور ما بندے تیرا ادھیا پھر کام سوا اللہ محمد کرے یہ منتر ہر روز ایک سو بار پڑھیں اور معشوقہ کا تصور سامنے رکھیں اور کامل تصور کریں۔ پس معشوقہ بے قرار ہو کر حاضرِ خدمت ہو گی۔

منتر ۲ :- خدا کی شان محمد کا نور، خواجہ کی تسبیح کل عالم حضور، مؤکل لے آئے حضور۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ط یہ منتر صبح چار بجے پڑھیں اور ہر روز دو سو بار پڑھیں اور معشوقہ مطلوبہ کا کامل تصور رکھیں۔ سمجھیں کہ وہ سامنے بیٹھی ہے پس وہ جلد بے قرار ہو کر حاضرِ خدمت ہو گی اور جو جائز حکم دو گے اس کی تعمیل آنکھوں سے کرے گی۔ کار آمد مجرب ہے۔

منتر ۳ :- کا نور دو دلش گنگا دی، جہاں بنے اسماعیل جوگی پھول لائے پٹ لونا، ہمارا پھول بکھرے میں نار رنگ بیر سے۔ جے کوئی لے پھولوں کی باس، سو چل آئے میرے پاس۔ یہ منتر موتیا کے منتر پر سات بار پڑھیں اور اسی طرح سات روز تک پڑھتے رہیں۔ پس یہ پڑھے ہوئے پھول جس عورت

یا مرد کو سنگھائیں گے وہ فریفتہ اور موہت ہو جائے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

(۷) کالا علم

بروز اتوار نور کے تڑکے اٹھ کر آگ کی جڑ لائے اور بھیڑ کے تازہ خون اور چولائی کے عرق میں ڈالیں۔

اب ایک نیا چراغ لے کر اس میں وہ خون وغیرہ ڈال کر اسے جلائیں اور کورے سکورے میں کاجل اپاکریں اور کاجل حفاظت سے رکھ چھوڑیں جب اس کا کرشمہ دیکھنا ہو تو تھوڑا سا آنکھ میں لگائیں پس اس حالت میں جس کی طرف آنکھ بھر کر دیکھا جائے گا وہ موہت ہو جائے گا۔ کارآور مجرب ہے۔

وشی کرن تلک

سفید کنڈری کے پھول اور پھل۔ لاجونتی، گوردھن کو پیس کر شہد میں ملا کر گولیاں بنالیں اور ایک گولی پانی میں گھس کر اس کا تلک ماتھے پر لگائیں جو شخص تمہیں اس حالت میں دیکھے گا۔ وہ مطیع ہوگا۔

دیگر

منتر:۔ گرراتا۔ گرماتا۔ گرمیر پیرشاگرد دیکھوں تو کیا فلاں کا من ملا ہے۔ تلوار ٹوٹ جائے ملکوٹی موہے حساں فلاں کو بائیں ٹانگ پھاڑ کر تو تجھے ہنوان کی آسا اور باچیا دوہاں استریاں، مہادیو گوساں پاربتی گوراں پاربتی۔ گوراں

پاربتی۔

چاند گرہن لگے تو یہ منتر ۱۰۱ بار پڑھے۔ مگر بالکل برہنہ ہو کر پڑھے اور دریا کے پانی کے اندر ناف تک کھڑے ہو کر گہن کے آخر تک پڑھنا چاہیئے۔ جس کا منتر شدھ ہو جائے گا اس کا دیوتا قبضے میں آ جائے گا۔

جب کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو اس کا تصور کامل کر کے یہی منتر گیارہ بار پڑھے تو معشوقہ مطلوبہ بے قرار ہو کر حاضر ہوگی۔ اور جو حکم جس کا پاک اور جائز ہونا ضروری ہے۔ مانے گی۔ ورنہ مراد پیش کرے گی۔

۸۔ موہنی منتر

مازو ایک عمدہ و درازے کر رات کے وقت اس میں سوراخ کر کے اور سوراخ کے اندر ذرا سا سندور خاک بول خود معشوقہ ڈالے اور سوراخ پھول سے بند کرے۔ بعض اسے بڑے پھول سے بند کرے اور ہنومان کی مورتی کے پاس جائے اور مازو مذکورہ اس کے پاؤں کے نیچے دفن کر دے اور پانچ عدد سبز چھوہارے اور پانچ کچے ناریل ہنومان کے سامنے رکھ دے۔ ناریل درمیان سے توڑے اور کہے کہ ہنومان بیر تم بڑے ہو تو میری معشوقہ کو محبت ملا دو۔ ورنہ میں تجھ کو دوسرے جا کر ابھی چاروں کنڈیں ڈال دوں گا۔ منتر تین بار پڑھے۔ پھر چار ناریل اور مازو زمین سے نکال لائے اور یہ سب چیزیں دریا میں ڈال دے۔ پس معشوقہ مطلوبہ حاضر ہوگی اور جو حکم دو گے بجا لائے گی۔ مجرب المجرب ہے۔

وشی کرن

منتر:۔ لونگا لونگ۔ سپاری انگا، باندھو پورب ساری، ایک لونگ چوراتی لاتی۔ جو جی لونگ دکھاوے، چھاتی یہ تیجی لونگ کھڑی الائے چوتھی متی لائے۔ لونگ تو لقمان فوجی چڑھ دیکھے اور تیجی ماڑی چمک لواں اوہدے تن دی نار طلا الہ الیین لا الہ آن ملیں بیں باجھ آرام نہ دیویں، لا الہ دی کمان لا الہ دا تیرا، محمد رسول سدا کلیجہ تیر گو رہ دی لاگت چھیلے کی بھگت پھیرو منتر الیسر مہادیو کا پاچا چلے کام جو اللہ کرے۔

یہ منتر ایک لونگ پر سات بار پڑھے۔ اسی طرح سات لونگوں پر کل ۴۹ بار پڑھے مگر بالکل برہنہ ہو کر بعد از ان لونگیں آگ میں ڈال کر جلا دے منتر ایک مقررہ وقت پر پڑھے اور سات راتیں پڑھتا رہے۔ معشوق کا تصور، نہایت ضروری ہے۔ اس کی شکل کسی وقت آنکھوں سے اوجھل نہیں ہونا چاہیئے۔ معشوقہ منتر کے ہونے سے پہلے سات روز کے اندر ہی حاضر ہو جائے گی اور جو حکم دو گے اس کی تعمیل کرے گی۔ مگر منتر پورے سات روز پڑھنا چاہیئے۔ اس سے پہلے بند نہ کرے۔ ورنہ سدھ نہیں ہوگا۔

جب معشوقہ مطلوبہ حاضر نہ ہو تو پورا چلہ اکیس دن کا کرے۔ اس کا اثر یہ ہوگا کہ معشوقہ تمام بے قرار رہے اور فرمانبردار، خدمت گزار۔ کسی حکم کی تعمیل سے گریز نہیں کرے۔ بڑا قیمتی، مجرب اور کارآمد منتر ہے۔

ختم شد